PRAYER BOOK PORTIONS

(According to 1928 Revised Prayer Book)

PERSIAN URDU.

نماز کی کتاب کے بعض حصّے

(۱۹۲۸ء کی نظرِ ثانی شدہ دُعاے عام کی ترتیب کے مطابق)

کرسچن نالج سوسائٹی

انار کلی۔ لاہور

S. P. C. K., Lahore.

۱۹۳۹ء

قیمت ۴؍ | بار اول

فہرستِ حصص

THE PRAYER OF INTERCESSION.
(Revised Prayer Book 1928.)

PERSIAN URDU

سفارشی دُعا

ہم مسیح کی کُل کلیسیا کے لئے دُعا مانگیں۔

اے قادرِ مطلق اور ابدی زندہ خدا۔ تُو نے اپنے مقدّس رسول کی معرفت ہمیں تعلیم دی ہے کہ کُل بنی آدم کے لئے دُعائیں التجائیں اور شکر گذاریاں کریں۔ ہم عاجزی سے تیری منّت کرتے ہیں کہ تو کمال رحم سے (ہماری خیرات اور نذریں اور) یہ دُعائیں جو ہم تیری جنابِ الٰہی کے حضور میں پیش کرتے ہیں قبول فرما۔

(اگر خیرات اور صدقہ نہ ہو تو یہ الفاظ چھوڑ دیئے جائیں)

ہم تیری منّت کرتے ہیں کہ کلیسیائے جامع میں سچائی۔ یگانگت اور موافقت کی رُوح پھونک دے۔ اور یہ بخش کہ جتنے تیرے پاک نام کا اقرار کرتے ہیں وہ تیرے مقدّس کلام کی صحیح تعلیم پر متفق الرّاے ہوں اور اتّحاد اور پاکیزہ محبّت میں اپنی زندگی بسر کریں۔

ہم عرض کرتے ہیں کہ تُو تمام قوموں کو راستبازی اور

S. P. C. K., Lahore.

صُلح کی راہ پر چلا۔ تُو سب بادشاہوں اور مُلک کے والیوں کی ایسی رہنمائی کر کہ اُن کی عملداری میں تیرے لوگوں کی حکومت دین داری اور امن کے ساتھ ہو۔ اپنے بندے ہمارے بادشاہ جارج کو اور اُن سب کو جو اُس کی طرف سے اختیار رکھتے ہیں یہ توفیق بخش کہ وہ بے رُو رعایت عدل اور انصاف کریں۔ تاکہ شرارت اور بدی کی سزا ہو اور تیرا دین حق اور نیکی قائم رہے۔

اے آسمانی باپ۔ سارے بشپوں۔ پریسٹوں اور ڈیکنوں کو اور خاصکر اپنے بندے ہمارے بشپ جارج کو ایسی توفیق دے کہ وہ تیرے زندہ کلام حق کو اپنے چال چلن اور تعلیم دونوں سے ظاہر کریں اور تیرے پاک سکرامنٹوں کو واجب طور پر ادا کریں۔

ہم تیری منّت کرتے ہیں کہ اُن سب کی راہنمائی فرما جو مختلف قوموں میں تیری انجیل کی اشاعت کا کام کرتے ہیں اُن کی محنتوں کو پھل دار کر۔

تمام مدرسوں اور علم کے مرکزوں کو اپنے رُوح کے نُور سے منوّر کر تاکہ تمام دُنیا تیری سچّائی کے علم سے معمُور ہو جائے۔

اپنی تمام اُمّت کو اپنا آسمانی فضل بخش خاصکر اِس جماعت کو جو یہاں حاضر ہے تاکہ وہ دِل کی غریبی اور شائستگی اور ادب

سے تیرا کلام مقدس سُنے اور قبول کرے اور عمر بھر تیری حقیقی خدمت پاکیزگی اور راستبازی سے بجالائے۔

اے خداوند۔ ہم نہایت عاجزی سے تیری منّت کرتے ہیں کہ جتنے اس چند روزہ زندگی میں تکلیف۔ غم۔ محتاجی۔ بیماری یا کسی اَور مصیبت میں گرفتار ہیں اُن سب کو تُو اپنی شفقت سے تسلی اور مدد دے۔

جتنے تیرے بندے اس جہان سے تیرے ایمان اور خوف کے ساتھ انتقال کر گئے ہیں اُن سب کو تیرے فضل کی حفاظت کے سپرد کرتے ہیں اور عرض کرتے ہیں کہ اُن کو اَبدی اطمینان اور دائمی نُور بخش۔

اُن تمام مقدسوں کے واسطے جو تیرے فضل کے برگزیدہ وسیلے تھے اور اپنے اپنے زمانہ کے لئے دُنیا کا نُور تھے ہم تیری حمد کرتے ہیں اور تیرے اَقدس نام کا صدقِ دل سے شکر ادا کرتے ہیں۔ اور ہم عرض کرتے ہیں کہ ہم اُن کی رفاقت میں خوش رہ کر اُن کے نیک نمونہ کی پیروی کریں تاکہ اُن کے ساتھ تیری آسمانی بادشاہت میں شریک ہوں۔ اے باپ یہ بخش دے ہمارے درمیانی اور شفیع یسُوع مسیح کی خاطر جو تیرے اور رُوح القُدس کے ساتھ واحد خدا اَبدالآباد زندہ اور سلطنت کرتا ہے۔

1st. edition. 2000 1939

تصنیفات پادری برکت اللہ صاحب ایم۔اے

محمد عربی اس کتاب میں پادری صاحب نے بانیٔ اسلام کی زندگی کے تمام صحیح واقعات کو قرآن حدیث اور کتب سیر سے بڑی محنت شاقہ سے جمع کیا ہے۔ مسلم علماء نے بھی اس کتاب کی صحت کو تسلیم کیا ہے۔ قیمت ایک روپیہ۔

مسیحیت کی عالمگیری اس کتاب میں پادری صاحب نے ثابت کیا ہے۔ کہ مسیحیت کے اصول اور خداوند مسیح کی شخصیت اور نمونہ عالمگیر ہیں۔ قیمت ۸؍

اسرائیل کا نبی یا جہان کا منجی مسلمانوں کے اس شبہ کا ازالہ کہ مسیح صرف یہود کے لئے آئے تھے اور اس بات کا ثبوت کہ مسیح کا پیغام روئے زمین کی تمام کے لئے ہے۔ قیمت ۵؍

نور الہدیٰ خواجہ کمال الدین قادیانی نے ایک گمراہ کن کتاب ینابیع المسیحیت تحریر کی تھی۔ پادری صاحب نے نور الہدیٰ میں دندان شکن جواب دیا ہے۔ بعض مشنوں نے اس کتاب کو امتحان کے کورس میں رکھا ہے۔ قیمت ہر دو جلد ۱۲؍

صلیب کے علمبردار کلیسیائے پنجاب کے چند ابتدائی مشنری صاحبان کے حالات حیات و خدمت۔ قیمت ۸؍

ملنے کا پتہ: **پنجاب ریلیجس بک سوسائٹی۔ انارکلی۔ لاہور**

PUBLIC BAPTISM OF INFANTS.

(Revised Prayer Book 1928.)

PERSIAN URDU

بچّوں کے علانیہ بپتسمہ کی ترتیب

کرسچن نالج سوسائٹی

انارکلی- لاہور

S. P. C. K., Lahore.

1st. edition. 2000 1939.

قیمت فی جلد ایک آنہ

بار اوّل ۲۰۰۰ جلد

نوٹ

یہ نماز کی ترتیب جناب بشپ صاحب لاہور کے حکم اور ہدایت کے ماتحت اُردو میں ترجمہ کی گئی ہے تاکہ لاہور کے اُسقفی علاقہ میں کلیسیائیں اِس کو استعمال کر سکیں۔

ہولی ٹرنٹی چرچ۔ لاہور
جنوری ۱۹۳۹ء

برکت اللہ

بچوں کے علانیہ بپتسمہ کی ترتیب

چاہئے کہ حوض صاف پانی سے بھرا ہو۔
پریسٹ حوض کے پاس آ کر کھڑا ہو اور کہے

کیا یہ بچہ بپتسمہ پا چکا ہے یا نہیں ؟

اگر وہ جواب دیں کہ نہیں تب پریسٹ کہے

مسیح یسوع میں عزیزو۔ بنی آدم پیدائش ہی سے گناہ کرنے کی جانب مائل ہیں لیکن چونکہ خدا محبت ہے پس اُس کی مرضی یہ ہے کہ سب لوگ نجات پائیں اور ہمارا منجی مسیح فرماتا ہے۔ کہ جو آدمی پانی اور رُوح القدس کے ذریعہ نئے سرے سے پیدا نہ ہو وہ خدا کی بادشاہت میں داخل نہیں ہو سکتا۔ اس لئے میں تم سے التماس کرتا ہوں کہ ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے خدا باپ سے دُعا مانگو کہ وہ اپنے فیض اور رحمت سے اِس بچے کو وہ نعمت بخشے جو طبعی طور پر اُس کو حاصل نہیں ہو سکتی تاکہ وہ پانی اور رُوح القدس کا بپتسمہ پا کر مسیح کی پاک کلیسیا میں شامل ہو اور اُس کا ایک زندہ عضو بن جائے

جماعت کھڑی رہے اور پریسٹ کہے۔

ہم دُعا مانگیں

اے قادرِ مطلق اور ازلی خدا۔ تیرے عزیز بیٹے یسوع مسیح نے دریائے یردن میں بپتسمہ پایا اور یوں تُو نے تشبیہی طور پر گناہ دھو ڈالنے کے لئے پانی کو پاک ٹھیرایا ہے۔ ہم تیری منت کرتے ہیں کہ تُو اِس بچے پر مہر کی نظر کر۔ اِس کو رُوح القدس سے دھو اور پاک کر۔ تاکہ وہ مسیح کی کلیسیا کی کشتی میں داخل ہو جائے۔ اور ایمان میں مضبوط اور اُمید سے شادمان ہو کر اور محبت میں جڑ پکڑ کر اس دُکھ بھری دُنیا کی لہروں کے طوفان میں سے یوں پار اُتر جائے کہ آخرکار اَبدی زندگی کی سرزمین میں پہنچ کر تیرے ساتھ اَبدالآباد بادشاہی کرتا رہے۔ ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے۔ آمین۔

یا یہ

اے قادرِ مطلق اور اَبدی زندہ خدا۔ تُو ہر محتاج کا حامی اور ہر عافیت ڈھونڈنے والے کی پناہ گاہ ہے تُو ایمانداروں کی زندگی۔ اور مُردوں کی قیامت ہے۔ ہم اِس بچے کے لئے تجھ سے دُعا مانگتے ہیں جو پاک بپتسمہ کے لئے آیا ہے تاکہ وہ رُوحانی ولادتِ ثانی کے وسیلے سے گناہوں کی معافی حاصل کرے۔ اے خداوند اس کو قبول کر اور چونکہ تُو نے اپنے عزیز بیٹے کی معرفت یہ وعدہ کیا ہے کہ مانگو تو تمہیں دیا جائیگا ڈھونڈو تو پاؤ گے کھٹکھٹاؤ تو تمہارے واسطے کھولا جائیگا۔ اب ہم کو جو مانگتے ہیں دے۔ ہم کھٹکھٹاتے ہیں ہمارے لئے دروازہ کھول تاکہ یہ بچہ تیرے آسمانی غسل کی دائمی برکت حاصل کر کے اُس اَبدی بادشاہت

میں پہنچے جس کا وعدہ تُو نے ہمارے خداوند مسیح کے وسیلے سے کیا ہے۔ آمین۔

اب پریسٹ کہے

انجیل مقدّس کی آئتیں سُنو جو مقدس مرقس نے دسویں باب کی تیرھویں آیت سے لکھی ہیں۔

جواب۔ اے خداوند تیری تمجید ہو۔

لوگ بچّوں کو مسیح کے پاس لانے لگے۔ تاکہ وہ اُنہیں چھُوئے۔ مگر شاگردوں نے اُن کو جھڑکا۔ یسُوع یہ دیکھ کر خفا ہُوا اور اُن سے کہا۔ بچّوں کو میرے پاس آنے دو اُنہیں منع نہ کرو۔ کیونکہ خدا کی بادشاہت ایسوں ہی کی ہے۔ مَیں تم سے سچ کہتا ہوں کہ جو کوئی خدا کی بادشاہت کو بچّے کی طرح قبول نہ کرے وہ اُس میں ہرگز داخل نہ ہوگا۔ پھر اُس نے اُنہیں اپنی گود میں لیا اور اُن پر ہاتھ رکھ کر اُنہیں برکت دی۔

جواب۔ اے مسیح تیری حمد ہو۔

انجیل پڑھنے کے بعد خادمِ دین یہ
مختصر نصیحت سُنائے

عزیزو، تم اس انجیل میں ہمارے منجی مسیح کا کلام سُنتے ہو۔ کہ اُس نے حکم دیا کہ بچّوں کو میرے پاس لاؤ۔ اُس نے اُن کو گود میں لیا اور اُن پر ہاتھ رکھ کر دُعائے خیر دی۔ یسُوع مسیح کل اور آج اور اَبد تک یکساں ہے پس تم شک نہ کرو بلکہ صدقِ دل سے اِس بات پر اعتقاد رکھو کہ خدا اِس بچّے کو پیار کرتا ہے اور اُس کی نظر میں ہمارا اِس بچّہ کو بپتسمہ کے لئے لانے کا

کام پسندیدہ ہے۔ وہ اس بچّے کو قبول کرنے کو تیار ہے اور اپنی رحمت کی گود میں لے کر اُس کو اَبدی زندگی کی برکت عطا فرماتا ہے پس جب ہم کو یہ یقین ہے کہ ہمارا آسمانی باپ اس بچّہ کا خیر خواہ ہے اور اُس نے اپنے بیٹے یسُوع مسیح کی معرفت اِس بات کو ظاہر فرمایا ہے تو لازم ہے کہ ہم ایمانداری اور عاجزی سے اس کا شُکر ادا کریں اور کہیں :-

تب پریسٹ اور جماعت دونوں کھڑے رہیں اور کہیں :-

اے قادرِ مُطلق اور ازلی خدا آسمانی باپ ہم فروتنی سے تیرا شُکر کرتے ہیں کہ تُو نے اپنے لُطف سے ہمیں اِس واسطے بُلایا ہے کہ ہم تیرے فضل کو پہچانیں اور تجھ پر ایمان لائیں۔ ہماری اِس پہچان کو بڑھا اور ہمیں اِس ایمان پر ہمیشہ قائم رکھ۔ اِس بچّے کو اپنا رُوح القدس بخش تاکہ وہ نئے سرے سے پیدا ہو کر اَبدی نجات کا وارث بن جائے۔ ہمارے خداوند یسُوع مسیح کے وسیلے سے۔ جو تیرے اور رُوح القدس کے ساتھ اب اور ابدالآباد زندہ اور سلطنت کرتا ہے۔ آمین۔

(۲) وعدے

اس کے بعد پریسٹ دھرم ماں باپ سے بولے :-

عزیزو۔ تم اِس بچّے کو بپتسمہ دلانے یہاں لائے ہو۔ تم نے دُعا مانگی ہے کہ ہمارا خداوند یسُوع مسیح مہر سے اس کو قبول کرے اور اس کو پاک کرے۔ جتنی چیزیں تم نے مانگی ہیں اُن سب کے دینے کا وعدہ ہمارے خداوند یسُوع مسیح نے اپنی انجیل میں فرمایا ہے۔ وہ تو اس اپنے وعدہ کو یقیناً یاد رکھیگا اور پُورا کریگا لیکن تم پر بھی فرض ہے کہ تم اس بچّہ کی طرف سے تین باتوں کا سچّا وعدہ کرو۔ اوّل کہ وہ شیطان اور اُس کے سب کاموں کو ترک کریگا۔ دوئم کہ وہ خدا کے پاک کلام پر محکم ایمان رکھیگا۔ سوئم کہ وہ خدا کے حکموں پر فرمانبرداری سے عمل کریگا۔

پس مَیں یہ سوال کرتا ہوں

کیا تُو اِس بچّے کی طرف سے شیطان اور اُس کے سب کاموں کو۔ دُنیا کی باطل حشمت اور دھوم دھام کو۔ اور ہر طرح کے لالچ کو۔ اور جسم کی گُناہ آلُودہ خواہشوں کو ایسا ترک کرتا ہے کہ تُو نہ اُن کی پیروی کریگا اور نہ اُن کے قبضہ میں رہیگا؟

جواب۔ مَیں ان سب کو ترک کرتا ہوں۔

سوال۔ کیا تُو اس بچّے کی طرف سے مسیحی ایمان کا اقرار کرتا ہے؟

جواب۔ ہاں۔ مَیں اِقرار کرتا ہوں۔

تب پریسٹ اور دھرم ماں باپ رسولوں کا عقیدہ پڑھیں:-

مَیں ایمان رکھتا ہوں خدا قادرِ مطلق باپ پر جو آسمان و زمین کا خالق ہے۔

اور یسُوع مسیح پر۔ جو اُس کا اِکلوتا بیٹا اور ہمارا خداوند ہے وہ رُوح القدُس کی قدرت سے پیٹ میں پڑا۔ کنواری مریم سے پیدا ہؤا۔ پنطُس پیلاطُس کے عہد میں دُکھ اُٹھایا۔ مصلُوب ہؤا۔ مرگیا۔ اور دفن ہؤا۔ عالمِ ارواح میں اُتر گیا۔ تیسرے روز مُردوں میں سے جی اُٹھا۔ آسمان پر چڑھ گیا۔ اور خدا قادرِ مطلق باپ کے دہنے بیٹھا ہے۔ وہاں سے وہ زندوں اور مُردوں کی عدالت کے لئے آنے والا ہے۔

مَیں ایمان رکھتا ہوں رُوح القدُس پر۔ پاک کلیسیائے جامع پر۔ مقدسوں کی شراکت۔ گناہوں کی معافی۔ بدن کی قیامت۔ اور ابدی زندگی پر۔ آمین۔

خادمِ دین۔ پس کیا تُو اِس بچے کی طرف سے یہ وعدہ کرتا ہے کہ تُو خدا کی پاک مرضی اور حکموں کو فرمانبرداری کے ساتھ بجالائے گا۔

جواب۔ ہاں۔ مَیں ایسا ہی کروں گا۔

خادمِ دین۔ کیا تُو اِس بچے کی طرف سے بپتسمہ چاہتا ہے؟

جواب۔ ہاں۔ یہی میری آرزُو ہے۔

پھر پریسٹ کہے

اے رحیم خدا یہ بخش کہ اِس بچے میں پُرانا آدم ایسا دفن کیا جائے کہ اُس میں نیا آدمی جی اُٹھے۔ آمین۔

یہ بخش کہ جسم کی سب بُری خواہشیں اُس میں مرجائیں۔ اور جتنی چیزیں رُوح سے متعلق ہیں وہ سب اُس میں زندہ ہوں۔ اور بڑھیں۔

آمین۔

یہ بخش کہ وہ ایسی قوّت اور قدرت حاصل کرے کہ شیطان اور

دُنیا اور جسم پر فتح پاکر اُن پر غالب رہے۔ آمین۔

یہ بخش کہ جس کسی کو ہم اپنے عُہدے اور خدمت کی حیثیت سے

یہاں تیری نذر کرتے ہیں وہ آسمانی فضیلتوں سے اراستہ بھی ہو۔ اور ابدی

اجر پائے۔ اے مُبارک خداوند خدا تُو جو اُبدالآباد زندہ اور سب چیزوں پر

حکومت کرتا ہے یہ تیرے رحم سے ہو۔ آمین۔

(۳) پانی کی تقدیس

پھر پریسٹ کہے

خداوند تمہارے ساتھ ہو۔

جواب۔ اور تیری رُوح کے ساتھ بھی ہو۔

پریسٹ۔ اپنے دل عالمِ بالا پر لگاؤ۔

جواب۔ ہم اُن کو خداوند کی طرف لگاتے ہیں۔

پریسٹ۔ ہم اپنے خداوند خدا کا شکر کریں۔

جواب۔ ایسا کرنا واجب اور مناسب ہے۔

پریسٹ۔ یہ نہایت واجب اور مناسب اور ہم پر فرض بھی ہے کہ ہم

تیرا شکر ادا کریں اے خداوند مقدّس باپ قادرِ مطلق اور ازلی

خداکیونکہ تیرے کمال عزیز بیٹے یسُوع مسیح نے ہمارے گناہوں کی معافی کے لئے اپنے بیش قیمت پہلُو سے پانی اور خُون دونوں بہائے اور اپنے شاگردوں کو حکم دیا کہ تم جاکر سب قوموں کو شاگرد بناؤ۔ اور اُن کو باپ اور بیٹے اور رُوح القدُس کے نام پر بپتسمہ دو۔ ہم عرض کرتے ہیں کہ تُو اپنی جماعت کی منّتوں پر متوجہ ہو اور تشبیہی طور پر گناہ دھونے کے لئے اِس پانی کی تقدیس کر۔ اور بخش کہ یہ بچّہ جو اَب اِس میں بپتسمہ پانے کو ہے تیرے فضل سے معمُور ہو جائے۔ اور ہمیشہ تیرے ایماندار اور برگزیدہ فرزندوں میں شمار کیا جائے۔ ہمارے خداوند یسُوع مسیح کے وسیلے سے جس کی تیرے اور رُوح القدُس کے ساتھ تمام عزّت وتعظیم اب اور ہمیشہ ہوتی رہے۔ آمین۔

(۴) بپتسمہ

> اب پریسٹ بچّے کو اپنے ہاتھوں پر لے کر دھرم ماں باپ سے کہے۔

اِس بچّے کا نام رکھو۔

> پھر وہ اس کا نام لے کر اُس کو پانی میں غوطہ دے یا اُس پر پانی ڈالے اور کہے

اے فلاں مَیں تجھے باپ اور بیٹے اور رُوح القدُس کے نام پر بپتسمہ دیتا ہوں۔ آمین۔

پھر پریسٹ کہے

ہم اِس بچّے کو مسیح کے گلّے کی جماعت میں شامل کرتے ہیں اور اِس پر صلیب کا نشان اِس غرض سے بناتے ہیں کہ آئندہ یہ مسیح مصلوب کے ایمان کا اقرار کرنے سے نہ شرمائے۔ اور اُس کے جھنڈے کے نیچے گناہ۔ دُنیا اور شیطان سے مردانہ وار لڑے۔ اور زندگی کے آخر تک مسیح کا وفادار سپاہی اور خدمتگذار بنا رہے۔ آمین۔

سلہ اب پریسٹ بچے کی پیشانی پر صلیب کی شکل بنائے

(۵) شُکر گذاری

پھر پریسٹ کہے

اے پیارے بھائیو۔ چُونکہ یہ بچّہ نئے سرے سے پیدا ہُوا ہے اور مسیح کی کلیسیا کے بدن میں شامل ہوگیا ہے۔ اب ہم اِن نعمتوں کے لئے قادرِ مطلق خدا کا شُکر کریں۔ اور یک دل ہو کر اُس سے دُعا مانگیں کہ یہ بچّہ اپنی ساری زندگی اِس طرح بسر کرے جیسا کہ اب اُس کا شروع ہُوا ہے۔

اِس کے بعد سب کھڑے ہو کر یہ کہیں

اے ہمارے باپ جو آسمان پر ہے۔ تیرا نام پاک مانا جائے۔ تیری بادشاہی آئے۔ تیری مرضی جیسی آسمان پر پُوری ہوتی ہے زمین پر بھی ہو۔ ہماری روز کی روٹی آج ہمیں دے اور ہمارے قصوروں کو معاف کر کہ ہم بھی اپنے قصورواروں کو معاف کرتے ہیں۔ اور ہمیں

آزمائش میں نہ پڑنے دے بلکہ بُرائی سے بچا۔ کیونکہ بادشاہی قدرت اور جلال اَبد تک تیرا ہی ہے۔ آمین۔

پھر پریسٹ کہے

اے کمال رحیم باپ۔ ہم دِل سے تیرا شکر کرتے ہیں کہ تُو نے کرم کر کے اِس بچّے کو اپنے رُوح القدس سے از سرِ نَو پیدا کیا ہے اور اُسے اپنا لے پالک فرزند اور اپنی پاک کلیسیا کے بدن کا عضو بنایا ہے۔ آمین۔

اے خدا۔ بخش دے کہ یہ بچّہ جو بپتسمہ کے ذریعہ تیرے بیٹے کی مَوت میں شریک ہُوا ہے۔ اُس کی قیامت میں بھی شریک ہو۔ تاکہ وہ یہاں نئی زندگی بسر کر کے تیری خدمت کرے اور آخرِ کار تیری پاک کلیسیا کے بقیہ کے ساتھ تیری اَبدی بادشاہت کا وارث ہو جائے ہمارے خداوند یسُوع مسیح کے وسیلے سے۔ آمین۔

پھر خاندان کے لئے یہ دُعا بھی کی جا سکتی ہے۔

اے قادرِ مطلق خدا ہمارے آسمانی باپ۔ تیرے مبارک بیٹے نے ناصرت میں ایک خاندان میں شرکت فرمائی ہم تیری منّت کرتے ہیں۔ اِس بچّے کے خاندان پر برکت نازل کر۔ اور اُن سب کو جو اِس کی پرورش کے ذمّہ دار ہیں عقل اور دانائی عنائت فرما تاکہ وہ تیرے خوف اور محبّت میں بڑھتا جائے یہ تیرے بیٹے ہمارے خداوند یسُوع مسیح کی خاطر مانگتے ہیں۔ آمین۔

(۶) دھرم ماں باپ کے فرائض

پھر پریسٹ والدین اور دھرم ماں باپ
کو یُوں نصیحت کرے:۔

تم جو اس بچے کو مسیح کی کلیسیا میں شامل ہونے کے لئے بپتسمہ دلانے کو یہاں لائے ہو اس بات کا خیال رکھو کہ وہ عقیدہ ۔ دُعائے ربانی اور دس احکام حفظ کرے اور اُن تمام باتوں کو جو مسیحی کو اپنی رُوح کی صحت کے لئے جاننی اور ماننی چاہئیں حفظ کرے ۔ اس بات کا بھی خیال رکھو کہ وہ ایسی تربیت پائے کہ خدا پرستی کی راہ پر چلے اور مسیحی چال چلن رکھے ۔

یاد رکھو کہ وہ مستحکم ہونے کے لئے بشپ صاحب کے رُوبرُو حاضر کیا جائے تاکہ رُوح القُدس کی بخشش سے قوت حاصل کرکے اور تیاری کے بعد وہ مسیح کے بدن اور خُون میں شریک ہونے کے لئے آسکے ۔ اور دُنیا میں کلیسیا کی شراکت میں قائم رہ کر وفاداری سے خدا کی خدمت کو سرانجام دے سکے ۔ کیا تم ان تمام باتوں کو سرانجام دینے میں اُس کی امداد کرو گے ؟

جواب ۔ ہاں ۔ خدا میری مدد کرے میں ایسا ہی کرونگا ۔

تم ہمیشہ یاد رکھو کہ بپتسمہ ہمارے اقرار کا نشان ہے اور اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم اپنے مُنجی مسیح کے نقش قدم پر چلیں تاکہ اُس کے ہم شکل بن جائیں یعنی جس طرح وہ ہمارے لئے مر گیا اور پھر جی اُٹھا اُسی

طرح لازم ہے کہ ہم بھی جنہوں نے بپتسمہ پایا ہے گناہ کی طرف سے مر جائیں اور راستبازی کے لئے جی اُٹھیں۔ اور اپنی سب خراب اور ناپاک خواہشوں کو ہمیشہ مارتے رہیں اور روز بروز ہر طرح کی نیک چلنی اور خدا پرستی میں ترقّی کرتے جائیں۔

اگر بپتسمہ کی رسم صبح یا شام کی نماز کے دوران میں ادا نہ کی جائے تب پریسٹ جماعت کو ذیل کی برکت دے کر رُخصت کرے:-

خداوند تم کو برکت دے۔ اور تمہاری نگہبانی کرے۔ خداوند اپنے چہرے کا نُور تم پر چمکائے اور تم کو اطمینان بخشے۔ اَب اور ہمیشہ کے لئے۔ آمین۔

مسیحیت کی عالمگیری اس کتاب میں پادری صاحب نے ثابت کیا ہے۔ کہ مسیحیت کے اُصول اور خداوند مسیح کی شخصیت اور نمونہ عالمگیر ہیں۔ قیمت ۸ر

دشتِ کربلا اور کوہِ کلوری اس مختصر رسالہ میں پادری صاحب نے امام حسین کی موت اور خداوند مسیح کی موت کا موازنہ اور مقابلہ کیا ہے۔ قیمت ار

کلمتہ اللہ کی تعلیم اس کتاب میں پادری صاحب نے خداوند مسیح کی تعلیم اور اس کی بے نظیری کو ثابت کیا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ یہ کتاب رُوح القدس کی تائید سے لکھی گئی ہے۔ پادری صاحب کو اس کتاب کے لکھنے کے لئے انعام ملا ہے۔ قیمت ۸ر

استحکام کی تیاری پادری صاحب نے آرچ ڈیکن مکنٹ کی کتاب کا ترجمہ نہایت آسان اُردو میں دیہات کی کلیسیاؤں کی خاطر تیار کیا ہے۔ قیمت ۳ر

نانِ بقا دیہات کی کلیسیاؤں کے لئے گیتوں کا مجموعہ۔ گذشتہ سات سال میں اِس کتاب کی چھ ہزار جلدیں فروخت ہو چکی ہیں۔ اُردو اور گورمکھی حروف میں مل سکتی ہیں۔ قیمت ار

مُلکِ صحت کی عدالت دیہات کی صحت و صفائی کے متعلق سادہ ڈرامہ۔ قیمت ۶ پائی

BAPTISM
OF SUCH AS ARE OF RIPER YEARS.

(Revised Prayer Book 1928)

Persian Urdu.

بالغوں کے بپتسمہ کی ترتیب

کرسچن نالج سوسائٹی

انارکلی۔ لاہور

S. P. C. K. Lahore.

1st. edition 2000 1939

بار اول ۲۰۰۰ جلد

قیمت فی جلد

نوٹ

یہ نماز کی ترتیب جناب بشپ صاحب لاہور کے حکم اور ہدایت کے ماتحت اُردُو میں ترجمہ کی گئی ہے تاکہ لاہور کے اُسقفی علاقہ کی کلیسیائیں اِس کو استعمال کر سکیں۔

برکت اللہ

ہولی ٹرنٹی چرچ - لاہور
جنوری ۱۹۳۹ء

بالغوں کے بپتسمہ کی ترتیب

جب بالغوں کو بپتسمہ دینا ہو تو لازم ہے کہ ماں باپ یا کوئی اَور معتبر شخص یا خادم دین کم از کم ایک ہفتہ پہلے بشپ کو یا کسی اَور شخص کو جسے وہ اِس کام پر مقرر کرے اطلاع دیں تاکہ اُن کا امتحان لیا جائے کہ آیا اُنہوں نے مسیحی دین کے اُصول میں کافی تعلیم پائی ہے یا نہیں۔ بالغوں کو نصیحت کی جائے کہ وہ اِس پاک سکرامنٹ کو پانے کے واسطے اپنے آپ کو دُعا اور روزے کے ذریعہ تیار کریں۔

اگر وہ بپتسمہ کے لائق پائے جائیں تو ہر شخص تین یا کم از کم دو گواہ چُنے جو اُس کو حوض کے پاس بپتسمہ کے لئے پیش کریں۔ یہ ترتیب صبح یا شام کی نماز کے دوسرے ورد یا تیسری کالکٹ کے بعد یا جو وقت خادم دین مقرر کرے عمل میں آئے۔

جہاں تک ممکن ہو بپتسمہ کی رسم اتوار کے روز یا کسی مقدّس دن ادا کی جائے یا جب جماعت کی ایک بڑی تعداد حاضر ہو۔

پریسبٹر حوض کے پاس کھڑا ہو کر پُوچھے کہ جتنے یہاں بپتسمہ پانے کے لئے حاضر کئے گئے ہیں اُن میں سے کوئی بپتسمہ پا چکا ہے یا نہیں ؟ اور اگر

یہ جواب ملے کہ نہیں تو پریسٹ یُوں کہے۔

اے عزیزو بنی آدم پیدائش ہی سے گناہ کرنے کی جانب مائل ہیں اور اکثر اوقات اُن سے گناہ سرزد بھی ہوتے ہیں اور ہمارا مُنجی مسیح فرماتا ہے کہ جو آدمی پانی اور رُوح القُدس کے ذریعہ نئے سرے سے پیدا نہ ہو وہ خدا کی بادشاہت میں داخل نہیں ہو سکتا۔ اِس لئے میں تم سے التماس کرتا ہوں کہ ہمارے خداوند یسُوع مسیح کے وسیلے خدا باپ سے دُعا مانگو کہ وہ اپنے فیض اور رحمت سے اِن شخصوں کو وہ نعمت بخشے جو اِن کو طبعی طور پر حاصل نہیں ہو سکتی تاکہ یہ پانی اور رُوح القُدس کا بپتسمہ پا کر مسیح کی پاک کلیسیا میں شامل ہوں اور اُس کے زندہ اعضا بن جائیں۔

جماعت کھڑی رہے اور پریسٹ کہے

ہم دُعا مانگیں

اے قادرِ مطلق اور ازلی خدا تیرے نہایت عزیز بیٹے یسُوع مسیح نے دریائے یردن میں بپتسمہ پایا اور یُوں تُو نے تشبیہی طور پر گناہ دھو ڈالنے کے لئے پانی کو پاک ٹھیرایا ہے ہم تیری منّت کرتے ہیں کہ تُو اپنی بے حد رحمتوں سے اپنے اِن بندوں پر مہر کی نظر کر۔ اِن کو رُوح القُدس سے دھو اور پاک کر۔ تاکہ وہ مسیح کی کلیسیا کی کشتی میں داخل ہو جائیں اور ایمان میں مضبُوط اور اُمید سے شادمان ہو کر اور محبّت میں جڑ پکڑ کر اِس دُکھ بھری دُنیا کی لہروں کے طوفان

میں سے یُوں پار اُتر جائیں کہ آخرِ کار اَبدی زندگی کی سرزمین میں پہنچ کر تیرے ساتھ اَبدالآباد بادشاہی کرتے رہیں ہمارے خداوند یسُوع مسیح کے وسیلے سے۔ آمین۔

یا یہ

اے قادرِ مطلق اور اَبدی زندہ خدا۔ تُو ہر محتاج کا حامی اور ہر عافیت ڈھونڈنے والے کی پناہ گاہ ہے۔ تُو ایمانداروں کی زندگی اور مُردوں کی قیامت ہے۔ ہم اِن شخصوں کے لئے تجھ سے دُعا مانگتے ہیں جو پاک بپتسمہ پانے کے لئے آئے ہیں تاکہ وہ رُوحانی ولادتِ ثانی کے وسیلے سے اپنے گناہوں کی معافی حاصل کریں۔ اے خداوند اُن کو قبُول کر اور چونکہ تُو نے اپنے عزیز بیٹے کی معرفت یہ وعدہ کیا ہے کہ مانگو تو تمہیں دیا جائیگا ڈھونڈو تو پاؤ گے۔ کھٹکھٹاؤ تو تمہارے واسطے کھولا جائیگا اب ہم کو جو مانگتے ہیں دے۔ ہم ڈھُونڈنے میں ہمیں ملے۔ ہم کھٹکھٹاتے ہیں ہمارے لئے دروازہ کھول تاکہ یہ شخص تیرے آسمانی غُسل کی دائمی برکت حاصل کر کے اُس اَبدی بادشاہت میں پہنچیں جس کا وعدہ تُو نے ہمارے خداوند مسیح کے وسیلے سے کیا ہے۔ آمین۔

تب جماعت کھڑی رہے اور پریسٹ کہے:۔

انجیل مقدّس کی آئتیں سنو جو مقدّس یُوحنّا نے تیسرے باب کی پہلی آیت سے لکھی ہیں:۔

جواب۔ اے خداوند تیری تمجید ہو۔

فریسیوں میں سے ایک شخص نکودیمس نام یہودیوں کا ایک سردار تھا۔ اُس نے رات کو یسوع کے پاس آکر اُس سے کہا اے ربی ہم جانتے ہیں کہ تُو خدا کی طرف سے اُستاد ہو کر آیا ہے۔ کیونکہ جو معجزے تُو دکھاتا ہے کوئی شخص نہیں دکھا سکتا جب تک خدا اُس کے ساتھ نہ ہو۔ یسوع نے جواب میں اُس سے کہا میں تجھ سے سچ سچ کہتا ہوں کہ جب تک کوئی نئے سرے سے پیدا نہ ہو وہ خدا کی بادشاہت کو دیکھ نہیں سکتا۔ نکودیمس نے اُس سے کہا آدمی جب بُوڑھا ہو گیا تو کیونکر پیدا ہو سکتا ہے؟ کیا وہ دوبارہ اپنی ماں کے پیٹ میں داخل ہو کر پیدا ہو سکتا ہے؟ یسوع نے جواب دیا کہ میں تجھ سے سچ سچ کہتا ہوں جب تک کوئی آدمی پانی اور رُوح سے پیدا نہ ہو وہ خدا کی بادشاہت میں داخل نہیں ہو سکتا۔ جو جسم سے پیدا ہوا ہے جسم ہے اور جو رُوح سے پیدا ہوا ہے رُوح ہے۔ تعجب نہ کر کہ میں نے تجھ سے کہا کہ تُم کو نئے سرے سے پیدا ہونا ضرور ہے۔ ہوا جدھر چاہتی ہے چلتی ہے۔ اور تُو اُس کی آواز سُنتا ہے۔ مگر نہیں جانتا کہ وہ کہاں سے آتی ہے اور کہاں کو جاتی ہے جو کوئی رُوح سے پیدا ہوا ایسا ہی ہے۔

جواب۔ اے مسیح تیری حمد ہو۔

اِس کے بعد وہ ذیل کی نصیحت پڑھے۔

عزیزو۔ تم اس انجیل میں ہمارے منجی مسیح کا قول سنتے ہو کہ جب تک آدمی پانی اور روح سے پیدا نہ ہو وہ خدا کی بادشاہی میں داخل نہیں ہو سکتا اس سے تم سمجھ سکتے ہو کہ جب موقعہ ملے اس سکرامنٹ کا لینا اشد ضروری ہے۔ اسی طرح مقدس مرقس کی انجیل کے آخری باب میں لکھا ہے کہ جب مسیح آسمان پر جانے کو تھا تو اُس نے اپنے شاگردوں کو یہ حکم دیا کہ تم تمام دُنیا میں جاکر ساری خلق کے سامنے انجیل کی خوشخبری سُناؤ۔ جو ایمان لائے اور بپتسمہ پائے وہ نجات پائیگا۔ اور جو ایمان نہ لائے وہ مجرم ٹھیرایا جائیگا اس سے یہ بھی ظاہر ہے کہ بپتسمہ سے ہم کو کس قدر فائدہ حاصل ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ جب مقدس پطرس رسول نے پہلی دفعہ انجیل کی منادی کی جس سے بہتوں کے دل چھد گئے اور وہ اُس سے اور دیگر رسولوں سے پُوچھنے لگے کہ اے بھائیو ہم کیا کریں ؟ تو اُس نے جواب میں اُن سے کہا توبہ کرو اور تم میں سے ہر ایک اپنے گناہوں کی معافی کے لئے بپتسمہ لے ۔ تو تم روح القدس کو انعام میں پاؤ گے ۔ اس لئے کہ یہ وعدہ تم سے اور تمہاری اولاد سے اور اُن سب دُور کے لوگوں سے بھی ہے جن کو ہمارا خداوند خدا اپنے پاس بُلائے گا۔

پس تم شک نہ کرو بلکہ صدقِ دل سے اِس بات کا یقین کرو کہ وہ اِن شخصوں کو جو حاضر ہیں اور سچی توبہ کرتے ہیں اور ایمان کی راہ سے اُس کے پاس آتے ہیں خوشی سے قبول کرکے

اُن کو گناہوں کی معافی اور رُوح القُدُس عطا فرمائیگا اور اَبدی زندگی کی برکت دے کر ہمیشہ کی بادشاہت میں شریک کریگا۔

پس جب ہم کو یہ یقین ہے کہ ہمارا آسمانی باپ اِن شخصوں کا خیر خواہ ہے اور اُس نے اپنے بیٹے یسُوع مسیح کی معرفت اِس بات کو ظاہر فرمایا ہے تو لازم ہے کہ ہم ایمانداری اور عاجزی سے اُس کا شُکر کریں اور کہیں

پریسٹ اور جماعت دونوں کھڑے رہیں اور کہیں:۔

اے قادرِ مطلق اور ازلی خدا۔ آسمانی باپ۔ ہم فروتنی سے تیرا شُکر کرتے ہیں کہ تُو نے کرم کر کے ہم کو اِس واسطے بُلایا ہے کہ ہم تیرے فضل کو پہچانیں۔ اور تجھ پر ایمان لائیں۔ ہماری اِس پہچان کو بڑھا اور ہمیں اِس ایمان پر ہمیشہ قائم رکھ۔ اِن شخصوں کو اپنا رُوح القُدُس بخش تاکہ وہ نئے سرے سے پیدا ہو کر اَبدی نجات کے وارث بن جائیں۔ ہمارے خداوند یسُوع مسیح کے وسیلے سے جو تیرے اور رُوح القُدُس کے ساتھ اب اور اَبدالآباد زندہ اور سلطنت کرتا ہے۔ آمین۔

(۲) وعدے

پھر پریسٹ اُن شخصوں کو جو بپتسمہ لینے آئے ہوں یُوں کہے:۔

عزیزو۔ تم جو پاک بپتسمہ پانے کی آرزو سے یہاں آئے ہو تم نے سُنا ہے کہ اِس جماعت نے دُعا مانگی ہے کہ ہمارا خداوند یسُوع مسیح کرم کر کے تم کو قبول کرے تم کو برکت دے اور تم کو گناہوں سے رہائی بخشے اور آسمان کی بادشاہی اور ابدی زندگی عطا فرمائے۔ تم نے یہ بھی سُنا ہے کہ جتنی چیزیں تم نے مانگی ہیں اُن سب کے دینے کا وعدہ ہمارے خداوند یسُوع مسیح نے اپنے پاک کلام میں کیا ہے۔ وہ تو اِس اپنے وعدے کو یقیناً یاد رکھے گا اور پُورا کرے گا لیکن مسیح کے اِس قسم کے وعدے کے بعد تم پر بھی فرض ہے کہ تم اپنے اِن گواہوں اور اِس تمام جماعت کے رُوبرُو سچّے دِل سے وعدہ کرو کہ تم شیطان اور اُس کے سب کاموں کو ترک کروگے۔ خدا کے پاک کلام پر محکم ایمان رکھوگے اور اُس کے حکموں پر فرمانبرداری سے عمل کروگے۔

اِس کے بعد پریسٹ بپتسمہ لینے والوں میں سے ہر ایک سے ذیل کے سوال کرے۔

کیا تُو شیطان اور اس کے سب کاموں کو۔ دُنیا کی باطل حشمت اور دُھوم دھام کو اور ہر طرح کے لالچ کو۔ اور جسم کی گناہ آلُودہ خواہشوں کو ایسا ترک کرتا ہے کہ تُو نہ اُن کی پیروی کریگا اور نہ اُن کے قبضہ میں رہے گا؟

جواب۔ مَیں اِن کو ترک کرتا ہوں۔

سوال۔ کیا تُو مسیحی ایمان کا اقرار کرتا ہے؟

جواب۔ ہاں مَیں اِس ایمان کا اِقرار کرتا ہوں۔

تب پریسٹ اور بپتسمہ پانے والے اور گواہ سب کے سب رسولوں کا عقیدہ پڑھیں

مَیں ایمان رکھتا ہوں خدا قادرِ مطلق باپ پر۔ جو آسمان و زمین کا خالق ہے۔

اور یسُوع مسیح پر۔ جو اُس کا اکلوتا بیٹا اور ہمارا خداوند ہے۔ وہ رُوح القُدس کی قدرت سے پیٹ میں پڑا۔ کنواری مریم سے پیدا ہُوا۔ پنطُس پیلاطُس کے عہد میں دُکھ اُٹھایا۔ مصلُوب ہُوا۔ مر گیا اور دفن ہُوا۔ عالمِ اَرواح میں اُتر گیا۔ تیسرے روز مُردوں میں سے جی اُٹھا۔ آسمان پر چڑھ گیا۔ اور خدا قادرِ مطلق باپ کے دہنے بیٹھا ہے۔ وہاں سے وہ زندوں اور مُردوں کی عدالت کے لئے آنے والا ہے۔

مَیں ایمان رکھتا ہوں رُوح القُدس پر۔ پاک کلیسیائے جامع پر۔ مقدسوں کی شراکت۔ گناہوں کی معافی۔ بدن کی قیامت۔ اور اَبدی زندگی پر۔ آمین۔

سوال۔ کیا تُو اِس ایمان پر بپتسمہ چاہتا ہے؟

جواب۔ ہاں۔ یہی میری آرزو ہے۔

سوال۔ پس کیا تُو خدا کی پاک مرضی اور حکموں کو فرماں برداری کے ساتھ بجالائے گا اور عمر بھر اُن پر چلے گا؟

جواب۔ ہاں۔ خدا میری مدد کرے تو میں ایسا ہی کرنے کی کوشش کروں گا۔

پھر پریسٹ کہے

اے رحیم خدا یہ بخش کہ ان شخصوں میں پرانا آدم ایسا دفن کیا جائے کہ اُن میں نیا آدمی جی اُٹھے۔ آمین۔

یہ بخش کہ جسم کی سب بُری خواہشیں اُن میں مر جائیں اور جتنی چیزیں رُوح سے متعلق ہیں وہ سب اُن میں زندہ ہوں اور بڑھیں۔ آمین۔

یہ بخش کہ وہ ایسی قوت اور قدرت حاصل کریں کہ شیطان اور دُنیا اور جسم پر فتح پاکر اُن پر غالب رہیں۔ آمین۔

یہ بخش کہ یہ شخص جس کو ہم اپنے عُہدے اور خدمت کی حیثیت سے یہاں تیری نذر کرتے ہیں وہ تیری آسمانی فضیلتوں سے آراستہ بھی ہوں اور اَبدی اجر پائیں۔ اے مبارک خداوند خدا تُو جو اَبدالآباد زندہ اور سب چیزوں پر حکومت کرتا ہے یہ تیرے رحم سے ہو۔ آمین۔

(۳) پانی کی تقدیس

پھر پریسٹ کہے

پریسٹ۔ خداوند تمہارے ساتھ ہو۔

جواب - اور تیری رُوح کے ساتھ بھی ہو۔
پریسٹ - اپنے دل عالمِ بالا پر لگاؤ۔
جواب - ہم اُن کو خداوند کی طرف لگاتے ہیں۔
پریسٹ - ہم اپنے خداوند خدا کا شُکر کریں۔
جواب - ایسا کرنا واجب اور مناسب ہے۔
پریسٹ - یہ نہایت واجب اور مناسب اور ہم پر فرض بھی ہے کہ ہم تیرا شُکر ادا کریں۔ اے خداوند مقدس باپ۔ قادرِ مطلق اور ازلی خدا کیونکہ تیرے کمال عزیز بیٹے یسُوع مسیح نے ہمارے گناہوں کی معافی کے لئے اپنے بیش قیمت پہلو سے پانی اور خُون دونوں بہائے۔ اور اپنے شاگردوں کو حکم دیا کہ تم جا کر سب قوموں کو شاگرد بناؤ اور ان کو باپ بیٹے اور رُوح القُدس کے نام پر بپتسمہ دو۔ ہم عرض کرتے ہیں کہ تُو اِس جماعت کی منتوں پر متوجّہ ہو اور تشبیہی طور پر گناہ دھونے کے لئے اِس پانی کی تقدیس کر اور بخش کہ یہ شخص جو اَب اِس میں بپتسمہ پانے کو ہیں تیرے فضل سے معمُور ہو جائیں اور ہمیشہ تیرے ایماندار اور برگزیدہ فرزندوں میں شمار کئے جائیں۔ ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے۔ جس کی تیرے اور رُوح القُدس کے ساتھ تمام عزّت و تعظیم اَب اور ہمیشہ ہوتی رہے۔ آمین۔

(۴) بپتسمہ

اِس کے بعد پریسٹ ہر ایک بپتسمہ پانے والے کا دہنا ہاتھ پکڑ کے اُس کو حوض کے پاس جس طرح مناسب سمجھے لے آئے اور گواہوں سے اُس کا نام پوچھے اور پھر یہ کہہ کر اس کو پانی میں غوطہ دے یا اُس پر پانی ڈالے جیسے

اے فلاں مَیں تجھے باپ اور بیٹے اور رُوح القُدس کے نام پر بپتسمہ دیتا ہوں۔ آمین۔

پھر پریسٹ کہے

ہم اِس شخص کو مسیح کے گلّے کی جماعت میں شامل کرتے ہیں اور[1] اِس پر صلیب کا نشان اِس غرض سے بناتے ہیں کہ آیندہ یہ مسیح مصلوب کے ایمان کا اقرار کرنے سے نہ شرمائے اور اُس کے جھنڈے کے نیچے گناہ۔ دُنیا اور شیطان سے مردانہ وار لڑے اور زندگی کے آخر تک مسیح کا وفادار سپاہی اور خدمتگذار بنا رہے۔ آمین۔

[1] اب پریسٹ اس شخص کی پیشانی پر صلیب کی شکل بنائے

(۵) شُکرگُذاری

پھر پریسٹ کہے

اے پیارے بھائیو چونکہ یہ شخص نئے سرے سے پیدا ہوئے ہیں

اور مسیح کی کلیسیا کے خاندان میں شامل ہو گئے ہیں۔ اب ہم ان نعمتوں کے لئے قادرِ مطلق کا شکر کریں اور یک دل ہو کر اُس سے دُعا مانگیں کہ یہ شخص اپنی ساری زندگی اِسی طرح بسر کریں جیسا کہ اب اُس کا شروع ہوا ہے۔

سب کھڑے رہیں اور دُعائے ربانی پڑھی جائے

اے ہمارے باپ جو آسمان پر ہے تیرا نام پاک مانا جائے۔ تیری بادشاہی آئے تیری مرضی جیسی آسمان پر پُوری ہوتی ہے زمین پر بھی ہو۔ ہماری روز کی روٹی آج ہمیں دے اور ہمارے قصوروں کو معاف کر کہ ہم بھی اپنے قصورواروں کو معاف کرتے ہیں۔ اور ہمیں آزمائش میں نہ پڑنے دے بلکہ بُرائی سے بچا۔ کیونکہ بادشاہی۔ قدرت اور جلال اَبد تک تیرا ہی ہے۔ آمین۔

تب پریسٹ ذیل کی دُعاؤں میں سے ایک دُعا مانگے

اے آسمانی باپ ہم عاجزی سے تیرا شکر کرتے ہیں کہ تُو نے کرم کرکے ہم کو اِس واسطے بُلایا ہے کہ ہم تیرے فضل کو پہچانیں اور تجھ پر ایمان لائیں۔ ہماری اِس پہچان کو بڑھا اور ہمیں اس ایمان پر ہمیشہ قائم رکھ۔ اِن شخصوں کو اپنا رُوح القُدس بخش تاکہ یہ جو اَب نئے سرے سے پیدا ہوئے ہیں۔ اور ہمارے خداوند یسُوع مسیح کے وسیلے سے اَبدی نجات کے وارث بن گئے ہیں۔ تیرے بندے بنے رہیں اور تیرے وعدوں کو حاصل کریں۔ تیرے بیٹے ہمارے خداوند یسُوع مسیح کے وسیلے سے جو تیرے ساتھ رُوح القُدس کی یگانگی میں ابدالاباد زندہ اور سلطنت کرتا

ہے۔ آمین۔

یا یہ

اے کمال رحیم باپ ہم دِل سے تیرا شُکر کرتے ہیں کہ تُو نے
کرم کر کے اِس شخص کو اپنے رُوح القُدُس سے از سرِ نَو پیدا کیا ہے
اور اُسے اپنا لے پالک فرزند اور اپنی پاک کلیسیا کے بدن کا عُضو بنایا
ہے ہم عاجزی سے تیری منّت کرتے ہیں کہ یہ شخص جو گناہ
کی نسبت مُردہ اور راستبازی کے لئے زندہ۔ اور مسیح کی مَوت
میں شریک ہو کر اس کے ساتھ دفن ہُوا ہے۔ پُرانی آدمیت کو
مصلُوب کر دے۔ اور گناہ کے بدن کو بالکل نیست کر دے۔ اور جس طرح
وہ تیرے بیٹے کی مَوت میں شریک ہُوا ہے۔ اُس کی قیامت میں
بھی شریک ہو۔ تاکہ آخر کار تیری پاک کلیسیا کے بقیہ کے ساتھ
تیری اَبدی بادشاہی کا وارث ہو۔ ہمارے خداوند مسیح کے
وسیلے سے۔ آمین۔

(۶) گواہوں کے اور بپتسمہ یافتگاں کے فرائض

پریسٹ ذیل کی نصیحت پڑھے اور پہلے
گواہوں کی طرف مخاطب ہو کر یُوں کہے:۔

چونکہ اِن شخصوں نے تمہارے رُوبرُو یہ وعدہ کیا ہے کہ ہم
شیطان اور اُس کے سب کاموں کو ترک کریںگے۔ اور خدا پر ایمان

رکھیں گے اور اُس کی خدمت کیا کریں گے۔ پس تم کو یاد رکھنا
چاہئے کہ تمہارا ذمہ ہے کہ اُن کو یاد دلایا کرو کہ اُنہوں نے اب
اس جماعت کے سامنے اور خاصکر تمہارے سامنے جو اُن کے چُننے
ہوئے گواہ ہو۔ نہایت سنجیدہ عہد۔ وعدہ اور اقرار کیا ہے۔ اور اُن کو
یہ بھی سمجھانا چاہئے کہ وہ بڑی کوشش کرکے خدا کے پاک کلام کی صحیح
تعلیم حاصل کریں۔ تاکہ وہ ہمارے خداوند یسُوع مسیح کے فضل اور
عرفان میں ترقی کرتے جائیں۔ اور اس جہان میں خداپرستی۔
راستبازی اور پرہیزگاری سے زندگی بسر کریں۔

پھر پریسٹ اُن کی طرف جنہوں نے اِس
وقت بپتسمہ پایا ہے مخاطب ہوکر یہ کہے

اور تم پھر جنہوں نے اب بپتسمہ کے وسیلے سے مسیح کو پہن لیا ہے
واجب اور لازم ہے کہ چونکہ تم یسُوع مسیح پر ایمان لانے سے خدا کے
اور نُور کے فرزند بن گئے ہو۔ اِسلئے اپنا چال چلن ایسا رکھو جو مسیحی
دعوت کے مطابق ہو۔ اور نُور کے فرزندوں کے لایق ہو۔ اور ہمیشہ
یاد رکھو کہ بپتسمہ ہمارے اِقرار کا نشان ہے اور اُس کا مطلب یہ ہے
کہ ہم اپنے مُنجی مسیح کے نقش قدم پر چلیں تاکہ اُس کے ہمشکل
بن جائیں یعنی جس طرح وہ ہمارے لئے مرگیا اور پھر جی اُٹھا۔
اُسی طرح لازم ہے کہ ہم بھی جنہوں نے بپتسمہ پایا ہے گناہ کی
طرف سے مرجائیں اور راستبازی کے لئے جی اُٹھیں۔ اور اپنی

سب خراب اور ناپاک خواہشوں کو ہمیشہ مارتے رہیں ۔ اور روز بروز ہر طرح کی نیک چلنی اور خداپرستی میں ترقی کرتے جائیں ۔

اگر بپتسمہ کی رسم صبح یا شام کی نماز کے دوران میں ادا نہ کی گئی ہو تو پریسٹ جماعت کو ذیل کی برکت دے کر رخصت کرے ۔

خداوند تم کو برکت دے اور تمہاری نگہبانی کرے ۔ خداوند اپنے چہرے کا نور تم پر چمکائے ۔ اور تم کو اطمینان بخشے ۔ اب اور ہمیشہ کے لئے ۔ آمین ۔

مناسب ہے کہ جو کوئی اس طرح بپتسمہ پائے وہ بپتسمہ کے بعد جب اچھا موقع ملے بشپ کے ہاتھ سے مستحکم کیا جائے تاکہ پاک شراکت میں شامل ہو سکے ۔

اگر ایسے شخص بپتسمہ کے لئے حاضر کئے جائیں جنہوں نے بچپن میں بپتسمہ نہ پایا ہو لیکن تاحال بلوغت کو نہ پہنچے ہوں اور خود جواب دینے کے قابل نہ ہوں تو ان کے لئے بچوں کے علانیہ بپتسمہ کی ترتیب یا بڑے خطرے کی حالت میں گھر میں بپتسمہ دینے کی ترتیب استعمال کی جائے ۔ بچہ سے عوض لفظ لڑکا یا لڑکی یا شخص حسب موقع کہا جائے

اگر کسی بالغ کے باقاعدہ طور پر بپتسمہ یافتہ ہونے میں شک ہو
تب پریسٹ اُس کو ذیل کے الفاظ استعمال کرکے بپتسمہ دے:-

اے فلاں۔ اگر تُو نے اب تک بپتسمہ نہیں پایا ہے تو مَیں تجھ کو بپتسمہ دیتا ہوں۔ باپ۔ بیٹے اور رُوح القُدُس کے نام پر۔ آمین۔

اگر کوئی غیر بپتسمہ یافتہ بالغ مَوت کے خطرے میں ہو۔ یا بیماری کی وجہ سے گرجا میں نہ آسکے اور اگر خادمِ دین کو اُس کی توبہ اور ایمان اور بپتسمہ کی خواہش کی طرف سے تسلّی ہو تو وہ ترتیب استعمال کی جائے جس کی رُو سے بچّوں کا گھر میں بپتسمہ ہوتا ہے اور اُس ترتیب میں بپتسمہ پانے والے کی عمر کے مطابق مناسب تبدیلیاں کی جائیں۔

تصنیفات پادری برکت اللہ صاحب ایم۔ اے

محمدِ عربی اس کتاب میں پادری صاحب نے بانیٔ اسلام کی زندگی کے تمام صحیح واقعات کو قرآن۔ حدیث اور کتب سیر سے بڑی محنت شاقہ سے جمع کیا ہے۔ مسلم علمأ نے بھی اس کتاب کی صحت کو تسلیم کیا ہے۔ قیمت ایک روپیہ۔

صحتِ کتب مقدسہ اس رسالہ میں بائبل شریف کی کتابوں کی صحت کو تاریخی نقطۂ نگاہ سے ثابت کیا گیا ہے۔ قرآن و بائبل کی صحت کا موازنہ کیا گیا ہے۔ مسئلۂ تحریف پر جامع۔ مانع اور لاجواب کتاب ہے۔ شمالی ہند کے علمِ الٰہیات کے بعض مدرسوں میں پڑھائی جاتی ہے۔ قیمت ۸ر

نور الہدیٰ خواجہ کمال الدین قادیانی نے ایک گمراہ کن کتاب ینابیع المسیحیت تحریر کی تھی۔ پادری صاحب نے نور الہدیٰ میں دندان شکن جواب دیا ہے۔ بعض مشنوں نے اس کتاب کو امتحان کے کورس میں رکھا ہے۔ قیمت ہر دو جلد ۱۴ر

مسیحیت اور سائنس اس مختصر رسالہ میں پادری صاحب نے ایک نرالے طریقہ سے ثابت کیا ہے۔ کہ پیدائش کی کتاب اور سائنس میں کسی قسم کا اختلاف اور تضاد نہیں ہے۔ قیمت ۲ر

مسیحیت کی عالمگیری

اس کتاب میں پادری صاحب نے ثابت کیا ہے۔ کہ مسیحیت کے اُصول اور خداوند مسیح کی شخصیت اور نمونہ عالمگیر ہیں۔ آٹھ آنہ

دشتِ کربلا اور کوہِ کلوری

اس مختصر رسالہ میں پادری صاحب نے امام حسین کی مَوت اور خداوند مسیح کی مَوت کا موازنہ اور مقابلہ کیا ہے۔ قیمت ١ر

کلمتہ اللہ کی تعلیم

اس کتاب میں پادری صاحب نے خداوند مسیح کی تعلیم اور اس کی بے نظیری کو ثابت کیا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ یہ کتاب رُوح القُدس کی تائید سے لکھی گئی ہے۔ پادری صاحب کو اس کتاب کے لکھنے کے لئے انعام ملا ہے۔ قیمت ٨ر

استحکام کی تیاری

پادری صاحب نے آرچ ڈیکن مکنٹ کی کتاب کا ترجمہ نہایت آسان اُردُو میں دیہات کی کلیسیاؤں کی خاطر تیار کیا ہے۔ قیمت ٣ر

نانِ بقا

دیہات کی کلیسیاؤں کے لئے گیتوں کا مجموعہ۔ گذشتہ سات سال میں اس کتاب کی چھ ہزار جلدیں فروخت ہو چکی ہیں۔ اُردُو اور گورمکھی حروف میں مل سکتی ہیں۔ قیمت ١ر

صلیب کے علمبردار

کلیسیائے پنجاب کے چند ابتدائی مشنری صاحبان کے حالاتِ حیات و خدمت۔ قیمت ٨ر

ملنے کا پتہ:- **پنجاب ریلیجس بُک سوسائٹی۔ انارکلی۔ لاہور**

CONFIRMATION SERVICE.

اِستحکام کی ترتیب

(جس کو کلیسیائے ہندوستان۔ برما اور لنکا میں استعمال کیا جائے)

(اُردو زبان میں)

کرسچن نالج سوسائٹی

انارکلی لاہور

سنہ ۱۹۳۸ء

بار اول ...۲۰۰۰ جلد

قیمت فی جلد ۶ پائی

S. P. C. K. Lahore.

اِستحکام کی ترتیب

مقررہ روز جب سب مستحکم ہونے والے بشپ کے سامنے ترتیب وار کھڑے ہوں تو وہ (یا کوئی دوسرا خادم دین جسکو وہ اس کام کیلئے مقرر کرے) ذیل کا دیباچہ پڑھے

خُداوند میں پیارے بھائیو۔ کلیسیا اِستحکام کی رسم کو عمل میں لانے میں مسیح کے رسُولوں کے نمونہ پر چلتی ہے چنانچہ رسُولوں کے اعمال کی کتاب کے آٹھویں باب میں یُوں لکھا ہے۔

"پس جو پراگندہ ہوئے تھے وہ کلام کی خوشخبری دیتے پھرے۔ اور فلپّس شہر سامریہ میں جا کر لوگوں میں مسیح کی منادی کرنے لگا.... جب اُنہوں نے فلپّس کا یقین کیا جو خدا کی بادشاہت اور یسوع مسیح کے نام کی خوشخبری دیتا تھا تو سب لوگ خواہ مرد خواہ عورت بپتسمہ لینے لگے...... جب رسُولوں نے جو یروشلیم میں تھے سُنا کہ سامریوں نے خُدا کا کلام قبول کر لیا تو پطرس اور یُوحنّا کو اُن کے پاس بھیجا۔ اُنہوں نے جا کر ان کے لئے دُعا مانگی کہ رُوح القُدس پائیں کیونکہ وہ اس وقت تک اُن میں سے کسی پر نازل نہ ہُوا تھا۔ اُنہوں نے صرف خداوند یسوع کے نام پر بپتسمہ لیا تھا۔ پھر اُنہوں نے ان پر ہاتھ رکھے۔ اور اُنہوں نے رُوح القدس پایا"۔

ان آیتوں میں پاک کلام ہم کو یہ سکھاتا ہے کہ دُعا کے ساتھ ہاتھ رکھنے کے ذریعہ

رُوح القدس کی نعمت خاص طور پر عطا ہوتی ہے اور چونکہ یہ نعمت صرف خدا کی طرف سے ملتی ہے اِس لئے واجب ہے کہ ہم سب جو یہاں حاضر ہیں قادرِ مطلق سے دُعا مانگیں کہ وہ ان کو جو بپتسمہ کے ذریعہ اس کے فرزند بن چکے ہیں اَب اِستحکام کے ذریعہ رُوح القدس کے ساتھ طاقت اور قوت عطا فرمائے۔

پس لازم ہے کہ تم جو مستحکم ہونے والے ہو اِس جماعت کے رُو برُو اِس بات کا اعلان کرو کہ تمہارا پکا ارادہ ہے کہ خدا کی اس نعمت سے توفیق حاصل کرکے تم مسیحی ایمان میں زندگی بسر کروگے اور خدا کی مرضی اور اُس کے حُکموں پر فرمانبرداری سے عمل کروگے۔ اس کے علاوہ لازم ہے کہ تم سب کے سامنے اس بات کا بھی اقرار کرو کہ جن مسیحی فرائض کے ادا کرنے کا تمہاری طرف سے بپتسمہ کے وقت وعدہ کیا گیا تھا تم ان کے پابند رہوگے اور ان کو وفاداری سے بجا لاؤگے۔

۲۔ بپتسمہ کے وعدوں کا از سرِ نو اقرار کرنا

تب بشپ یہ سوال پُوچھے

کیا تم اِس وقت خدا اور اِس جماعت کے رُوبرُو اُس سنجیدہ وعدے اور عہد کا جو تمہارے بپتسمہ کے وقت کیا گیا تھا از سرِ نو اقرار کرتے ہو اور خود اپنی زبان سے اِقرار کرکے اُس کی تصدیق کرتے ہو اور یہ مانتے ہو کہ جن باتوں کا وعدہ تمہارے بپتسمہ کے وقت تمہارے دھرم ماں باپ نے تمہاری طرف سے کیا تھا ان پر ایمان رکھنا اور عمل کرنا تم پر فرض ہے؟

ہر ایک بلند آواز سے جواب دے

جواب۔ ہاں۔ مَیں مانتا ہوں اور وعدہ بھی کرتا ہوں۔

یا بشپ یہ سوال پُوچھے

سوال۔ کیا تم اس وقت خدا اور اِس جماعت کے رُوبرُو شیطان اور سب شیطانی کاموں کو۔ اِس شریر دُنیا کی نکمّی دھوم دھام اور حشمت کو اور جسم کی سب نفسانی خواہشوں کو ایسا ترک کرتے ہو کہ آیندہ نہ تو اُن کی پیروی کرو گے اور نہ اُن کے قبضہ میں رہو گے؟

جواب۔ ہاں۔ مَیں اُن سب کو ترک کرتا ہوں۔

سوال۔ کیا تم مسیحی ایمان کے ان تمام مسئلوں پر جو رسولوں کے عقیدہ میں درج ہیں ایمان رکھتے ہو؟

جواب۔ ہاں۔ مَیں اُن پر ایمان رکھتا ہوں۔

سوال۔ کیا تم خدا کی پاک مرضی پر اور اُس کے حکموں پر عمل کرو گے اور عمر بھر اُس کی راہ پر چلنے کی کوشش کرو گے؟

جواب۔ ہاں۔ میرا پکّا ارادہ ہے کہ مَیں ایسا کروں۔

سوال۔ کیا تم مانتے ہو کہ یہ تم پر فرض ہے کہ مسیح مصلوب کے ایمان کا اقرار کرو۔ اُس کے جھنڈے کے نیچے مردانہ وار جنگ کرو اور مرتے دم تک اُس کے وفادار سپاہی اور خادم رہو اور اپنے قول اور فعل سے اس کے گواہ بنو؟

جواب۔ ہاں۔ مَیں یہ مانتا ہوں۔

۳۔ استحکام

بشپ ہماری مدد خُداوند کے نام سے ہے۔

جواب۔ جس نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا۔

بشپ۔ خُداوند کا نام مُبارک ہو۔

جواب۔ اب سے لے کر ابد تک۔

بشپ۔ اے خداوند۔ تو ہماری دُعائیں سُن۔

جواب۔ اور ہماری منّت کی آواز تیرے حضور پہنچے۔

بشپ۔ ہم دُعا مانگیں۔

اے قادرِ مطلق اور ازلی خُدا۔ تُو نے کرم کر کے اپنے ان بندوں کو پانی اور رُوح القدس سے نئی پیدائش عطا کی ہے اور ان کے تمام گُناہوں کو معاف فرمایا ہے۔ اے خداوند۔ ہم تیری منّت کرتے ہیں کہ تُو اِن کو تسلّی دینے والے رُوح القدس کی طاقت میں مضبوط رکھ اور اِن میں اپنے فضل کی گُوناگُوں نعمتیں یعنی حکمت اور خِرد کی رُوح مصلحت اور رُوحانی قدرت کی رُوح معرفت اور حقیقی خدا پرستی کی رُوح روز بروز بڑھا۔ اے خداوند اپنے پاک خوف کی رُوح سے ان کو اب اور ابد تک معمُور کر۔ آمین۔

تب سب مستحکم ہونے والے بشپ کے سامنے ترتیب وار یکے بعد دیگرے گھٹنے ٹیکیں۔ اور وہ ہر شخص کے سر پر ہاتھ رکھ کر کہے :۔

اے خداوند اپنے آسمانی فضل سے اپنے اس لڑکے (یا اس بندے)

کو اپنی پناہ میں رکھ تاکہ وہ ہمیشہ تیرا ہی بنا رہے۔ اور جب تک تیری ابدی بادشاہت میں نہ پہنچے۔ وہ تیرے رُوح القدس کو روز بروز زیادہ حاصل کرتا جائے۔ آمین۔

اس کے بعد بشپ کہے

خداوند تمہارے ساتھ ہو۔

جواب۔ اور آپ کی رُوح کے ساتھ بھی رہے۔

بشپ۔ ہم دُعا مانگیں۔

اے ہمارے باپ تُو جو آسمان پر ہے تیرا نام پاک مانا جائے۔ تیری بادشاہی آئے۔ تیری مرضی جیسی آسمان پر پُوری ہوتی ہے زمین پر بھی ہو۔ ہماری روز کی روٹی آج ہمیں دے۔ اور ہمارے قصوروں کو معاف کر کہ ہم بھی اپنے قصورواروں کو معاف کرتے ہیں۔ اور ہم کو آزمائش میں نہ پڑنے دے بلکہ بُرائی سے بچا۔ کیونکہ بادشاہی قدرت اور جلال ابد تک تیرا ہی ہے۔

تب بشپ یہ دُعا بھی مانگے

اے قادرِ مطلق اور ازلی خُدا۔ جو کام تیری جنابِ الٰہی کے حضور عمدہ اور پسندیدہ ہیں اُن کا ارادہ کرنا اور اُن کو عمل میں لانا تیرے ہی فضل سے ہو سکتا ہے۔ ہم نہایت عاجزی سے تیرے اِن بندوں کے

لئے عرض کرتے ہیں جن پر، ہم نے اس وقت تیرے مقدس رسولوں کے نمونہ کے مطابق ہاتھ اس غرض سے رکھے ہیں کہ یہ نشان ان کے لئے اس بات کی سند ہو کہ تیرا کرم اور فضل ان کے ساتھ ہے ہم تیری منت کرتے ہیں کہ تیرا پدرانہ دستِ شفقت ہمیشہ ان پر رہے اور تیرا رُوح القدس ہمیشہ ان کا ساتھی ہو۔ اے خداوند تو اپنے کلام کے علم اور اس پر عمل کرنے میں ان کی ایسی ہدایت فرما کہ آخرکار یہ ابدی زندگی حاصل کریں۔ ہمارے خداوند یسُوع مسیح کے وسیلے جو تیرے اور رُوح القدس کے ساتھ ازلی واحد خُدا ابد الآباد زندہ اور سلطنت کرتا ہے یہ بخش دے۔ آمین ؞

۴۔ خاتمہ

اے قادرِ مطلق اور ازلی خُدا۔ ہم تیری منت کرتے ہیں کہ تُو اپنے کرم سے ہمارے دل اور بدن دونوں کی ایسی ہدایت۔ حکومت اور تقدیس فرما کہ ہم تیرے آئین کی شرع پر۔ اور تیرے احکام کی راہ پر چلیں تاکہ تیری کامل قُدرت کی حفاظت میں ہمارے جسم اور ہماری رُوحیں اس جہان میں اور ابد تک محفوظ رہیں۔ ہمارے خداوند اور مُنجی یسُوع مسیح کے وسیلے سے۔ آمین۔

تب بِشپ ان کو یہ کہہ کر برکت دے

مطمئن ہو کر دُنیا میں جاؤ۔ دلاور بنو۔ جو چیز اچھی ہو اُسے
پکڑے رہو۔ کسی سے بدی کے عوض بدی نہ کرو۔ پست ہمّت والوں کی
بڑھاؤ۔ کمزوروں کو سنبھالو۔ مُصیبت زدوں کی مدد کرو۔ سب کی عزّت کرو۔
رُوح القدس کے زور اور طاقت میں خوش رہ کر خداوند کی خدمت کرو۔
اور اُس سے محبّت رکھو۔

قادرِ مطلق خُدا باپ۔ بیٹے اور رُوح القدس کی برکت تم پر ہو اور
تمہارے ساتھ ہمیشہ رہے ÷ آمین +

باہتمام مسٹر ایف۔ ڈی۔ وارث سیکرٹری پی۔ آر۔ بی۔ ایس۔ انارکلی۔ لاہور پرنٹر و
دپبلشر پی۔ آر۔ بی۔ ایس۔ پریس۔ انارکلی۔ لاہور میں چھپی +

SOLEMNIZATION OF MATRIMONY

(Revised Prayer Book 1928.)

PERSIAN URDU

رسمِ نکاح کی ترتیب

کرسچن نالج سوسائٹی

انارکلی لاہور

S. P. C. K., Lahore.

1st. edition. 2000 1939.

بار اوّل ۲۰۰۰ جلد قیمت فی جلد ۱۳ر

نوٹ

یہ نماز کی ترتیب جناب بشپ صاحب لاہور کے حکم اور ہدایت کے ماتحت اُردو میں ترجمہ کی گئی ہے تاکہ لاہور کے اُسقفی علاقہ کی کلیسیائیں اس کو استعمال کر سکیں۔

برکت اللہ

ہولی ٹرنٹی چرچ - لاہور
جنوری ۱۹۳۹ء

رسمِ نکاح کی ترتیب

لازم ہے کہ نکاح کرنے والوں کے نکاح کا اشتہار گرجا میں تین اتوار جُداگانہ دیا جائے۔

جب لوگوں کی بڑی تعداد اشتہار کو سُن سکے یعنی پاک شراکت کی نماز میں اشتہار دیئے جانے کے وقت یا صبح یا شام کی نمازوں کے دَوران میں دوسرے وِرد کے بعد یا تیسری کالکٹ کے بعد اشتہار دیا جائے اور خادمِ دین دستور کے موافق کہے:۔

مَیں فلاں مقام کے فلاں اور فلاں مقام کی فلانی کے نکاح کا اشتہار دیتا ہوں۔ اگر تم میں سے کسی کو ممانعت کا معقول سبب معلوم ہو جس کی وجہ سے اِن دونوں کا پاک نکاح باندھنا جائز نہ ہو تو بیان کرنا چاہیئے۔ یہ اشتہار کا پہلا (یا دوسرا یا تیسرا) مرتبہ ہے۔

اور جن کا نکاح ہونے والا ہے اگر وہ جُدا جُدا دو مقاموں میں رہتے ہوں تو اُن کے نکاح کا اشتہار دونوں مقاموں میں دیا جائے۔ اور ایک مقام کا نگہبان اُن کا نکاح نہ باندھے جب تک کہ اُس کو دوسرے مقام کے نگہبان سے اُن کے نکاح کے تینوں اشتہاروں کا سرٹیفکٹ نہ مل جائے۔

اشتہار کے بغیر کسی شخص کا نکاح نہ کیا جائے سوائے اُس حالت کے جب کہ بشپ کا لائسنس، یا اجازت نامہ حاصل کیا گیا ہو یا سپرنٹنڈنٹ

رجسٹرار نے نکاح کے باقاعدہ اشتہار کا سرٹیفکیٹ دیا ہو۔ لازم ہے کہ ایسا لائسنس یا سرٹیفکیٹ خادمِ دین کو نکاح سے پہلے دیا جائے۔

مناسب ہے کہ دُولھا اور دُلھن اپنے نکاح کے وقت یا نکاح کے بعد جتنی جلدی ہو سکے پاک شراکت میں شامل ہوں۔

رسمِ نکاح کے مقررہ دن اور وقت جن کا نکاح ہونے والا ہے وُہ اپنے دوستوں اور پڑوسیوں کے ساتھ گرجا میں آئیں۔ اور وہاں مرد دہنی طرف اور عورت اُس کی بائیں طرف دونوں ایک جگہ کھڑے ہوں اور پریسٹ یُوں کہے :۔

(۱) تمہید

اے عزیزو ہم خدا کے حضور اور اِس جماعت کے رُوبرُو اِس لئے جمع ہوئے ہیں کہ فلاں اور فلانی کا پاک نکاح باندھیں۔

یہ عزّت کی حالت ہے جسے خدا نے مقرر کیا ہے اور اُس پوشیدہ یگانگی کا نشان ہے جو مسیح اور اُس کی کلیسیا کے درمیان ہے۔ اِس پاکیزہ حالت کو مسیح نے قانائے گلیل میں اپنی خاص حضوری سے زیب و زینت بخشی۔ اور اپنا پہلا معجزہ دکھانے سے اِس کو رَونق دی اور مقدّس پولوس اِس کی یہ تعریف کرتا ہے کہ یہ سب آدمیوں میں عزّت کے لائق ہے۔ لہٰذا نہیں چاہئے کہ کوئی انسان بغیر غور و فکر کئے سُبک مزاجی سے بے سوچے سمجھے اِس حالت کو اختیار کرے۔ بلکہ چاہئے کہ وہ ادب اور ہوش کے ساتھ سوچ بچار کر کے

پرہیزگاری اور خدا کے خوف سے اِس کو اختیار کرے اور جن وجوہ کے باعث نکاح مقرر ہؤا ہے اُن پر بخوبی غور کرے :۔

نکاح کے مقرر ہونے کا پہلا سبب یہ ہے کہ خدا کی مرضی کے مطابق نوعِ انسانی ترقّی پائے اور اَولاد کی تربیّت اور پرورش خدا کے خوف میں ہو تا کہ اُس کے پاک نام کی ستائش ہو۔

دوسرا سبب یہ ہے کہ فطرتی میلان جو خدا نے ہم کو عطا کئے ہیں پاکیزگی کی حالت میں جائز طور پر استعمال ہوں اور جن لوگوں کو خدا نے اِس پاک حالت کے لئے بُلایا ہے وہ پاکیزہ زندگی بسر کریں۔

تیسرا سبب یہ ہے کہ جو رفاقت مدد اور تسلّی دُکھ سُکھ میں دونوں کو ایک دوسرے سے مِلنی لازم ہے وہ حاصل ہو۔

اب یہ دونوں شخص اس پاکیزہ حالت میں داخل ہونے کے لئے عقد باندھنے کو حاضر ہوئے ہیں۔ پس اگر کوئی کچھ معقول سبب بتا سکے جس سے اِن دونوں کا نکاح جائز نہ ہو تو وہ ابھی بول اُٹھے۔ ورنہ آیندہ کے لئے ہمیشہ خاموش رہے۔

جب دو یا زیادہ نکاح یک وقت ہوں تو خادمِ دین نبور تک ایک ایک جوڑے کو جُداگانہ نکاح کرے پھر جن کا نکاح ہونے والا ہے پرِیسٹ اُن کی طرف مخاطب ہو کر کہے :۔

مَیں تم کو عدالت کے اُس خوفناک دن کی یاد دلاتا ہوں جس میں سب کے دلوں کے بھید کُھل جائینگے اور تم دونوں کو تاکید اور حکم کرتا ہوں کہ اگر کوئی تم

میں سے ممانعت کی کوئی وجہ جانتا ہو جس سے تمہارا نکاح باندھنا جائز نہ ہو تو وہ ابھی اُس کا اقرار کر دے۔ کیونکہ یقین جانو کہ جن کا نکاح خدا کے کلام کے مطابق نہیں ہوتا وہ جوڑا خدا کی طرف سے نہیں اور نہ اُن کا نکاح جائز ہے۔

نکاح کے دن اگر کوئی شخص ممانعت کی کوئی وجہ بیان کرے کہ جس سے اُن کا نکاح باندھنا خدا کی شریعت یا اِس مُلک کے قانون کے رُو سے جائز نہ ہو۔ وہ اپنے معتبر ضامنوں سمیت اپنا دعویٰ ثابت کرنے کے لئے طرفِ ثانی کو یا تو اقرار نامہ لکھ دے یا نکاح کے روکنے کا حرجانہ کسی کے پاس امانت رکھے۔ اِس مقدمے کی تحقیقات تک رسمِ نکاح ملتوی رہے۔

اگر ممانعت کی کوئی وجہ پیش نہ کی جائے تو کلّہ بان مرد سے یُوں کہے:۔

(۲) عقد

اَے فلاں کیا تُو فلانی کو اپنی بیاہتا زوجہ ہونے کے لئے قبول کرتا ہے تاکہ خدا کے حکم کے موافق نکاح کی پاکیزہ حالت میں اِس کے ساتھ زندگی بسر کرے؟ کیا تُو اِس سے محبّت رکھیگا۔ اِس کو تسلّی دیگا۔ اِس کی عزّت کریگا۔ بیماری اور تندرستی میں اِس کی خبرگیری کریگا۔ جب تک تم دونو زندہ رہو سب کو چھوڑ کر صرف اِسی سے کام رکھیگا؟

مرد جواب دے

ہاں۔ مَیں قبُول کرتا ہوں۔

پھر پریسٹ عورت سے کہے

فلانی کیا تُو فلاں کو اپنا بیاہتا شوہر ہونے کے لئے قبول کرتی ہے تاکہ خدا کے حکم کے موافق نکاح کی پاکیزہ حالت میں اس کے ساتھ زندگی بسر کرے۔ اس سے محبّت رکھیگی۔ اس کا ادب کریگی۔ بیماری اور تندرستی میں اس کی خبرگیری کریگی۔ اور جب تک تم دونوں زندہ رہو سب کو چھوڑ کر صرف اسی سے کام رکھیگی؟

عورت جواب دے

ہاں۔ مَیں قبول کرتی ہوں۔

تب خادمِ دین کہے

کَون فلانی کو فلاں کے ساتھ بیاہے جانے کے لئے سپُرد کرتا ہے؟

تب وہ ایک دوسرے سے قول و اقرار اس طور پر کریں کہ خادمِ دین عورت کو اُس کے باپ یا کسی دوست کے ہاتھ سے لیکر مرد کے دہنے ہاتھ میں عورت کا دہنا ہاتھ پکڑائے اور مرد اُس کے پیچھے پیچھے یوں کہے۔

مَیں فلاں۔ تجھ فلانی کو اپنی بیاہتا زوجہ ہونے کے لئے قبول کرتا ہوں مَیں خدا کے پاک حکم کے مطابق آج سے لے کر جب تک مَوت ہم کو جُدا نہ کرے بھلائی اور بُرائی۔ تنگی اور خوشحالی۔ بیماری اور تندرستی میں تجھے اپنا کرکے رکھونگا۔ تجھ سے محبّت کرونگا۔ اور تیری خاطرداری کرونگا اور اس بات کا مَیں۔ تجھ سے عہد و پیمان کرتا ہوں۔

پھر وہ ہاتھ چھوڑ دیں اور عورت اپنے دہنے ہاتھ سے مرد کا دہنا ہاتھ پکڑ کے خادمِ دین کے پیچھے پیچھے کہے:-

مَیں فلانی تجھ فلاں کو اپنا بیاہتا شوہر ہونے کے لئے قبول کرتی ہوں
مَیں خدا کے پاک حکم کے مطابق آج سے لے کر جب تک موت ہم کو جُدا نہ
کرے بھلائی اور بُرائی۔ تنگی اور خوشحالی۔ بیماری اور تندرستی میں تجھے اپنا
کرکے رکھونگی۔ تجھ سے محبّت کرونگی۔ تیری خاطرداری کرونگی اور اِس بات کا
مَیں تجھ سے عہد و پیمان کرتی ہوں۔

پھر وہ ہاتھ چھوڑ دیں اور مرد ایک انگوٹھی کتاب پر رکھے۔ تب پریسٹ
انگوٹھی لے کر مرد کو دے اور وہ اُسے عورت کے بائیں ہاتھ کی چوتھی اُنگلی
میں پہنا دے اور مرد انگوٹھی پر ہاتھ رکھ کر پریسٹ کے پیچھے پیچھے یُوں کہے:۔

مَیں اِس انگوٹھی سے تجھے بیاہتا ہوں۔ اپنے بدن سے تیری عزّت کرتا
ہوں۔ اور اپنے سارے دُنیاوی مال میں تجھے شریک کرتا ہوں۔ باپ اور
بیٹے اور رُوح القُدُس کے نام سے۔ آمین۔

پھر مرد انگوٹھی کو عورت کے بائیں ہاتھ کی چوتھی اُنگلی میں رہنے دے
اور وہ دونوں گھٹنے ٹیکیں۔ جماعت کھڑی رہے اور خادم دین کہے:۔

اے ازلی خدا تمام بنی آدم کے خالق اور پروردگار۔ رُوحانی فضل
کے بخشنے والے اور اَبدی زندگی کے عطا کرنے والے۔ اپنے اِس بندے فلاں
اور اِس بندی فلانی پر اپنی برکت نازل کر جن کو ہم تیرے نام سے دُعائے خیر
دیتے ہیں۔ تاکہ یہ دونوں اس قول و قرار پر وفاداری سے قائم رہیں جو انہوں نے
آپس میں کیا ہے اور جس کا نشان یہ انگوٹھی ہے جو دی گئی اور لی گئی ہے۔
بخش کہ وہ ہمیشہ کمال محبّت اور موافقت کے ساتھ باہم ملے رہیں۔ اور تیرے

حکموں کے مطابق زندگی گذاریں۔ ہمارے خداوند یسُوع مسیح کے وسیلے سے۔ آمین۔

پھر پریسٹ دونوں کے دہنے ہاتھ ملا کر کہے

جن کو خدا نے جوڑا ہے۔ اُن کو کوئی آدمی جُدا نہ کرے۔

تب خادمِ دین جماعت سے کہے

چونکہ فلاں اور فلانی ایک دوسرے کے ساتھ نکاح کرنے پر رضامند ہیں اور انہوں نے خدا کے رُوبرُو اور اِس جماعت کے سامنے اِس امر کا اقرار کیا ہے اور اِس کا آپس میں عہد و پیمان بھی کیا ہے۔ اور انگوٹھی کے دینے۔ لینے اور ہاتھوں کے مِلانے سے اِس بات کا اظہار کیا ہے۔ اِس لئے مَیں اِن دونوں کو شوہر اور زوجہ قرار دیتا ہوں۔ باپ اور بیٹے اور رُوح القُدس کے نام سے۔ آمین۔

خادمِ دین یہ برکت کا کلمہ بھی کہے

خدا باپ۔ خدا بیٹا۔ خدا رُوح القُدس تم کو برکت دے۔ تمہاری حفاظت اور نگہبانی کرے۔ خداوند رحم کر کے تم پر شفقت کی نظر کرے اور تم کو رُوحانی برکت اور فضل سے معمُور کر دے تاکہ تم یہ زندگی اکٹھے اِس طرح گذارو کہ آیندہ جہان میں اَبدی زندگی حاصل کرو۔ آمین۔

(۳) دُعائے خیر

تب خادمِ دین خداوند کی میز کے پاس جائے اور مرد اور عورت اُس کے پیچھے جائیں۔ ذیل کا مزمُور پڑھا یا گایا جائے:-

مزمور ۱۲۸

۱- مُبارک ہے ہر ایک جو خداوند سے
ڈرتا ہے اور اُس کی راہوں پر چلتا ہے۔
۲- تُو اپنے ہاتھوں کی کمائی کھائے گا۔
تُو مُبارک اور سعادت مند ہو گا۔
۳ تیری بیوی تیرے گھر کے اندر میوہ دار تاک کی مانند ہوگی۔
۴ اور تیری اُولاد تیرے دستر خوان پر زیتون کے پودوں کی مانند۔
۵ دیکھو! ایسی برکت اُسی آدمی کو ملیگی
جو خداوند سے ڈرتا ہے۔
۶ خداوند صیّون میں سے تجھ کو برکت دیگا
اور تُو عمر بھر یرُوشلیم کی بھلائی دیکھے۔
۷ بلکہ تُو اپنے بچوّں کے بچّے دیکھے۔ اسرائیل کی سلامتی ہو۔
جلال۔ باپ اور بیٹے اور رُوح القدُس کا ہو۔ جیسا ابتدا میں
تھا۔ اِس وقت ہے۔ اور اَبد تک رہیگا۔ آمین۔

مزمور ۶۷ یا یہ مزمور

۱- خدا ہم پر رحم کرے اور ہم کو برکت بخشے
اور اپنے چہرے کو ہم پر جلوہ گر فرمائے۔
۲- تاکہ تیری راہ زمین پر ظاہر ہو جائے۔
اور تیری نجات سب قوموں پر۔

۳۔ اے خدا لوگ تیری تعریف کریں۔
سب لوگ تیری تعریف کریں۔
۴۔ اُمّتیں خوش ہوں اور خوشی کے مارے گائیں
کیونکہ تُو راستی سے لوگوں کی عدالت کریگا
اور زمین کی اُمتوں پر حکومت کریگا
۵۔ اے خدا۔ لوگ تیری ستائش کریں۔
سارے لوگ تیری ستائش کریں۔
۶۔ زمین اپنا حاصل پیدا کریگی۔
خدا ہمارا خدا ہم کو برکت دے گا۔
۷ خدا ہم کو برکت دیگا۔
اور زمین کے سب لوگ اُس کا ڈر مانینگے۔
جلال باپ اور بیٹے اور رُوح القُدُس کا ہو۔ جیسا ابتدا میں تھا اِس وقت ہے اور اَبد تک رہیگا۔ آمین۔

یا مزمُور ۳۷ : ۳۔ ۷

۳۔ خداوند پر توکل کر اور نیکی کر
تُو سرزمین میں زندگی بسر کر اور دیانتداری پر پرورش پا۔
۴۔ خداوند کی یاد میں مسرور رہ۔
کہ وہ تیرے دل کے مطالب پُورے کریگا۔
۵۔ اپنی راہ خداوند پر چھوڑ دے۔

اور اُس پر توکّل کر وہی سب کچھ کریگا۔

۶۔ وہ تیری راستبازی کو نُور کی طرح

اور تیرے حق کو دوپہر کی طرح روشن کریگا۔

۷۔ خداوند میں مطمئن رہ اور صبر سے اُس کی آس رکھ۔

جلال باپ اور بیٹے اور رُوح القدُس کا ہو۔ جیسا اِبتدا میں تھا اِس وقت ہے۔ اور اَبد تک رہیگا۔ آمین۔

جب مزمُور ہو چکے اور مرد اور عورت خداوند کی میز کے سامنے گھٹنے ٹیکیں تو پریسٹ میز کے پاس کھڑا ہو اور اُن کی طرف متوجّہ ہو کر کہے۔

خداوند ہم پر رحم کر

جواب۔ مسیح ہم پر رحم کر

خادم دین۔ خداوند ہم پر رحم کر۔

اے ہمارے باپ جو آسمان پر ہے۔ تیرا نام پاک مانا جائے۔ تیری بادشاہی آئے۔ تیری مرضی جیسی آسمان پر پُوری ہوتی ہے زمین پر بھی ہو۔ ہماری روز کی روٹی آج ہمیں دے اور ہمارے قصوروں کو معاف کر کہ ہم بھی اپنے قصورواروں کو معاف کرتے ہیں اور ہمیں آزمائش میں نہ پڑنے دے۔ بلکہ بُرائی سے بچا۔ آمین۔

خادم دین۔ اے خداوند۔ اپنے بندے اور بندی کو سلامت رکھ۔

جواب۔ کہ وہ تجھ پر بھروسہ رکھتے ہیں۔

خادم دین۔ اے خداوند اِن کے لئے اپنے مقدّس مقام سے مدد بھیج۔

جواب - اور ہمیشہ اِن کو اپنی پناہ میں رکھ۔

خادمِ دین - اِن کے لئے ایک محکم قلعہ ہو۔

جواب - اِن کے دُشمن کے رُوبرُو۔

خادمِ دین - اے خداوند ہماری دُعا سُن -

جواب - اور ہماری منّت کی آواز تیرے حضور پہنچے -

خادمِ دین کہے

اے ہمارے باپ دادا کے خدا - اپنے اِن بندوں کو برکت دے - اور اِن کے دِلوں میں حیاتِ اَبدی کا بیج بو - تاکہ جو کچھ وہ تیرے مقدس کلام میں سے اپنے فائدے کے لئے سیکھیں - اُس پر عمل بھی کریں - وہ تیری مرضی کے تابعدار ہوں اور تیری پناہ میں ہر وقت محفوظ رہ کر تیری محبّت میں قائم رہیں - ہمارے خداوند یسُوع مسیح کے وسیلے سے - آمین -

اگر عورت عمر رسیدہ ہو کر سنِ یاس کو پہنچ گئی ہو تو ذیل کی دُعا نہ پڑھی جائے۔

اے رحیم خداوند اور آسمانی باپ تیرے کرم اور فیض سے بنی آدم بڑھتے ہیں - ہم تیری منت کرتے ہیں کہ اپنی برکت سے اِن دونوں کو اولاد کی بخشش عطا فرما - یہ بخش کہ وہ پاکیزہ محبّت اور رفاقت میں باہمی وفاداری کے ساتھ اِتنی عمر حاصل کریں کہ اپنے بال بچّوں کو مسیحی دین اور نیک راہ میں تربیت پاتے دیکھ سکیں تاکہ تیری حمد و عزّت ہو - ہمارے خداوند یسُوع مسیح کے وسیلے سے - آمین -

تب یہ دُعا مانگی جائے۔

اے خدا۔ تُو نے ہم کو یہ سکھایا ہے کہ جن کو تُو نے نکاح کے وسیلے ایک کیا ہے اُن کو جُدا کرنا ہرگز جائز نہیں اور تُو نے نکاح کی حالت کو ایسا رازِ عظیم ہونے کے لئے مقدّس کیا ہے کہ وہ اُس رُوحانی نکاح کی تشبیہ اور علامت ہے جو مسیح اور اس کی کلیسیا کے درمیان ہے۔ اپنے اِن بندوں پر رحم کی نظر کر۔ تاکہ فلاں تیرے کلام کے موافق اپنی زوجہ سے محبّت رکھے (جس طرح مسیح نے اپنی دُلہن کلیسیا سے ایسی محبت رکھی کہ اُس نے اپنے آپ کو اُس کی خاطر نثار کر دیا اور اپنے جسم کے برابر اُس سے محبّت رکھی) اور یہ بھی بخش کہ فلانی اپنے شوہر کے ساتھ محبّت۔ خوش مزاجی اور پاکدامنی سے زندگی بسر کرے۔ اور متانت پرہیزگاری اور امن اور صُلح سے پاک اور خداترس بیویوں کی پیرَوی کرے۔ اے خداوند اِن دونوں کو برکت دے اور اِن کو اپنی اَبدی سلطنت کی میراث عطا فرما۔ ہمارے خداوند یسُوع مسیح کے وسیلے سے۔ آمین۔

تب پریسٹ یُوں برکت دے

قادرِ مطلق خدا ہمارے خداوند یسُوع مسیح کا باپ تم پر اپنے فضل کی دولت برسائے وہ تم کو پاک کرے اور برکت بخشے تاکہ تم جسم اور رُوح سے اُس کو خوش رکھو اور عمر بھر پاکیزہ محبّت میں زندگی گذارو۔ آمین۔

اگر پاک شراکت کی ترتیب عمل میں آئی ہو تو مذکورہ بالا دُعا اور برکت کا کلمہ اُس ترتیب کی آخری برکت سے پہلے دُولہا اور دُلھن کے لئے کہا جائے۔ اگر پاک شراکت کی ترتیب عمل میں نہ آئی ہو اور اگر شوہر اور بیوی کے فرائض کے متعلق کوئی وعظ نہ ہو تو خادم دین ذیل کی نصیحت پڑھے

تم سب جن کا نکاح ہو چکا ہے۔ اور تم سب جو نکاح کی پاک حالت اختیار کیا چاہتے ہو۔ سُنو کہ کتابِ مقدّس شوہروں سے اُن کی بیویوں کے حق۔ اور بیویوں سے اُن کے شوہروں کے حق کی بابت کیا کہتی ہے:۔

مقدّس پولوس اپنے اُس خط کے پانچویں باب میں جو اُس نے افسیوں کو لکھا ہے سب بیاہے ہوئے مَردوں کو یہ حکم دیتا ہے کہ اے شوہرو اپنی بیویوں سے محبّت رکھو جیسا کہ مسیح نے بھی کلیسیا سے محبّت کرکے اپنے آپ کو اُس کے واسطے موت کے حوالے کر دیا تاکہ اُس کو کلام کے ساتھ پانی سے غُسل دے کر اور صاف کرکے مقدّس بنائے۔ اور ایک ایسی جلال والی کلیسیا بنا کے اپنے پاس حاضر کرے جس کے بدن میں داغ یا جھرّی یا کوئی اَور ایسی چیز نہ ہو بلکہ پاک اور بے عیب ہو۔ اِسی طرح شوہروں کو لازم ہے کہ اپنی بیویوں سے اپنے بدن کی مانند محبّت رکھیں۔ جو اپنی بیوی سے محبت رکھتا ہے وہ اپنے سے محبّت رکھتا ہے۔ کیونکہ کبھی کسی نے اپنے جسم سے دُشمنی نہیں کی۔ بلکہ اُس کو پالتا اور پرورش کرتا ہے جیسا کہ مسیح کلیسیا کو۔ اِس لئے کہ ہم اُس کے بدن کے عضو ہیں۔ اسی سبب سے آدمی باپ سے اور ماں سے جُدا ہو کر اپنی بیوی کے ساتھ رہیگا۔ اور وہ دونوں ایک جسم ہونگے۔ یہ بھید تو بڑا ہے۔ لیکن مَیں مسیح اور کلیسیا کی بابت کہتا ہوں۔ بہرحال تم میں سے بھی ہر ایک اپنی بیوی سے اپنی مانند محبّت رکھے۔

اِسی طرح یہی مقدّس پولُوس کلسیوں کو لکھتے وقت سب بیاہے ہوئے مَردوں کو یُوں حکم دیتا ہے کہ اے شوہرو اپنی بیویوں سے محبّت رکھو

اور اُن سے تلخ مزاجی نہ کرو۔

یہ بھی سُنو کہ مقدس پطرس جو مسیح کا رسول اور خود بیاہا ہؤا شخص تھا بیاہے ہوئے مردوں کو فرماتا ہے۔ کہ اے شوہرو تم اپنی بیویوں کے ساتھ عقلمندی سے زندگی بسر کرو اور عورت کو نازک ظرف جان کر اُس کی عزت کرو اور یوں سمجھو کہ ہم دونوں زندگی کی نعمت کے وارث ہیں۔ تاکہ تمہاری دُعائیں رُک نہ جائیں۔

یہاں تک تو شوہر پر بیوی کے جو فرض ہیں وہ تم نے سُنے۔ اب اے بیویو تم پر تمہارے شوہروں کے جو فرض ہیں وہ بھی سُنو کیونکہ مقدس کتاب میں اُن کا صاف بیان ہؤا ہے:۔

مقدس پولُوس مذکورہ بالا افسیوں کے خط میں تم کو یُوں سکھاتا ہے کہ اے بیویو۔ اپنے شوہروں کی ایسی تابع رہو۔ جیسے خداوند کی۔ کیونکہ شوہر بیوی کا سر ہے جیسا کہ مسیح کلیسیا کا سر ہے۔ اور وہ خود بدن کا بچانے والا ہے۔ لیکن جیسی کلیسیا مسیح کے تابع ہے اُسی طرح بیویاں بھی ہر بات میں اپنے شوہروں کے تابع ہوں۔ اور پھر وہ کہتا ہے کہ بیوی اِس بات کا خیال رکھے کہ اپنے شوہر سے ڈرتی رہے۔

اور جو خط اُس نے کُلسیوں کو لکھا ہے اُس میں وہ تم کو یہ مختصر نصیحت کرتا ہے کہ اے بیویو جیسا خداوند میں مناسب ہے اپنے شوہروں کے تابع رہو۔

پھر مقدس پطرس بھی تم کو یہ اعلےٰ تعلیم دیتا ہے کہ اے بیویو تم اپنے شوہروں کی تابع رہو اس لئے کہ اگر بعض اُن میں سے کلام کو نہ بھی

مانتے ہوں تاہم تمہارے پاکیزہ چال چلن اور خوف کو دیکھ کر بغیر کلام کے اپنی بیوی کے چال چلن سے خدا کی طرف کھنچ جائیں۔ اور تمہارا سنگار ظاہری نہ ہو یعنی سر گوندھنا اور سونے کے زیور اور طرح طرح کے کپڑے پہننا۔ بلکہ تمہاری باطنی اور پوشیدہ انسانیت۔ حلم اور مزاج کی غُربت کی غیر فانی آرائش سے آراستہ رہے کیونکہ خدا کے نزدیک اس کی بڑی قدر ہے۔ اور اگلے زمانے میں بھی خدا پر اُمید رکھنے والی مقدس عورتیں اپنے آپ کو اسی طرح سنوارتی اور اپنے شوہروں کی تابع رہتی تھیں۔ چنانچہ سارہ ابرہیم کے حکم میں رہتی اور اُسے مالک کہتی تھی۔ تم بھی اگر نیکی کرو اور کسی ڈراوے سے نہ ڈرو۔ تو اُس کی بیٹیاں ہوں گی۔

تب خادمِ دین یہ کہہ کر جماعت کو رُخصت کرے

ہم دُعا مانگیں

اَے قادرِ مُطلق خداوند اور ازلی خدا ہم عرض کرتے ہیں کہ تُو اپنے لُطف و کرم سے ہمارے دل اور بدن دونوں کی ایسی ہدایت۔ حکومت اور تقدیس فرما کہ ہم تیری شرع اور احکام کی راہ پر چلیں تاکہ تیری کامل قدرت کی پناہ میں ہمارے جسم اور رُوح اِس جہان میں اور اَبد تک محفوظ رہیں۔ ہمارے خداوند اور مُنجی یسُوع مسیح کے وسیلے سے۔ آمین۔

خدا قادرِ مُطلق باپ بیٹے اور رُوح القُدس کی برکت تم پر ہو اور تمہارے ساتھ ہمیشہ رہے۔ آمین۔

۴۔ پاک شراکت

اگر پاک شراکت کی نماز عمل میں آئے تو بچوں کی پیدائش کے لئے دُعا کے بعد یا اگر وہ دُعا نہ مانگی جائے تو اس سے پہلی دُعا کے بعد ذیل کی دُعا۔ خط کا حصّہ اور انجیل شریف کا حصّہ پڑھا جائے

کالکٹ

اے خدا تُو نے اپنے مقدّس رسول کے ذریعہ ہم کو سکھایا ہے کہ محبّت شریعت کی تکمیل ہے۔ بخش کہ یہ تیرا بندہ اور تیری بندی ایک دوسرے کے ساتھ محبّت رکھ کر آخری دم تک تیری محبّت میں قائم رہیں۔ ہمارے خداوند یسُوع مسیح کے وسیلے سے۔ جو تیرے اور روح القدس کے ساتھ واحد خدا ابدالآباد زندہ اور سلطنت کرتا ہے۔ آمین۔

خط

(افسیوں ۳ : ۱۴)

اس سبب سے مَیں اُس باپ کے آگے گھٹنے ٹیکتا ہوں جس سے آسمان و زمین کا ہر ایک خاندان نامزد ہے کہ وہ اپنے جلال کی دولت کے موافق تم کو یہ عنایت کرے کہ تم اُس کے رُوح سے اپنی باطنی انسانیت میں نہایت زور آور ہو جاؤ اور ایمان کے وسیلے سے مسیح تمہارے دِلوں

میں سکونت کرے تاکہ تم محبت میں جڑ پکڑ کے اور بُنیاد قائم کر کے سب مقدسوں سمیت بخوبی معلوم کر سکو کہ اُس کی چوڑائی اور لمبائی اور اُونچائی اور گہرائی کتنی ہے اور مسیح کی اُس محبت کو جان سکو جو جاننے سے باہر ہے تاکہ تم خدا کی ساری معموری تک معمور ہوتے جاؤ۔

انجیل

مقدس یُوحنا ۱۵ : ۹

جیسے باپ نے مجھ سے محبت رکھی ویسے ہی مَیں نے تم سے محبت رکھی۔ تم میری محبت میں قائم رہو۔ اگر تم میرے حکموں پر عمل کرو گے تو میری محبت میں قائم رہو گے جیسے مَیں نے اپنے باپ کے حکموں پر عمل کیا ہے اور اُس کی محبت میں قائم ہوں۔ مَیں نے یہ باتیں اس لئے تم سے کہی ہیں کہ میری خوشی تم میں ہو اور تمہاری خوشی پُوری ہو جائے۔ میرا حکم یہ ہے کہ جیسے مَیں نے تم سے محبت رکھی تم بھی ایک دوسرے سے محبت رکھو۔

اس کے بعد خادمِ دین پاک شراکت کی نماز کو جاری رکھے اور دُولھا اور دُلھن نماز کے ختم ہونے تک پاک میز کے سامنے گھٹنے ٹیکے رہیں۔ برکت کے کلمے "خدا کا اطمینان وغیرہ" سے پہلے اِس ترتیب کے حِصّہ "دُعائے خیر" میں سے آخری دُعا اور برکت کا کلمہ دولہا اور دُلھن کے لئے پڑھا جائے۔

تصنیفات پادری برکت اللہ صاحب ایم۔ اے

محمد عربی اِس کتاب میں پادری صاحب نے بانیٔ اسلام کی زندگی کے تمام صحیح واقعات کو قرآن حدیث اور کُتبِ سیر سے بڑی محنتِ شاقہ سے جمع کیا ہے۔ مُسلم علمأ نے بھی اِس کتاب کی صحت کو تسلیم کیا ہے۔ ایک روپیہ

صحتِ کُتبِ مقدسہ اِس رسالہ میں بائبل شریف کی کتابوں کی صحت کو تاریخی نقطۂ نگاہ سے ثابت کیا گیا ہے۔ قرآن و بائبل کی صحت کا موازنہ کیا گیا ہے۔ مسئلۂ تحریف پر جامع۔ مانع اور لاجواب کتاب ہے۔ شمالی ہند کے علمِ الٰہیات کے بعض مدرسوں میں پڑھائی جاتی ہے۔ قیمت ۸ ر

مسیحیت کی عالمگیری اس کتاب میں پادری صاحب نے ثابت کیا ہے۔ کہ مسیحیت کے اُصول اور خداوند مسیح کی شخصیّت اور نمونہ عالمگیر ہیں۔ قیمت ۸ ر

کلمتہ اللہ کی تعلیم اِس کتاب میں پادری صاحب نے خداوند مسیح کی تعلیم اور اس کی بے نظیری کو ثابت کیا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ یہ کتاب رُوح القُدس کی تائید سے لکھی گئی ہے۔ پادری صاحب کو اس کتاب کے لکھنے کے لئے انعام مِلا ہے۔ قیمت ۸ ر

مِلنے کا پتہ

پنجاب ریلیجس بُک سوسائٹی۔ انارکلی۔ لاہور

ORDER FOR THE BURIAL OF THE DEAD.

(Revised Prayer Book 1928).

PERSIAN URDU

نمازِ جنازہ کی ترتیب

کرسچن نالج سوسائٹی

انارکلی لاہور

S. P. C. K., Lahore.

1st edition. 2000 1939

بار اوّل ۲۰۰۰ جلد

قیمت فی جلد ڈیڑھ آنہ

نوٹ

یہ نماز کی ترتیب جناب بشپ صاحب لاہور کے حکم اور ہدایت کے ماتحت اُردو میں ترجمہ کی گئی ہے تاکہ لاہور کے اُسقفی علاقہ کی کلیسیائیں اس کو استعمال کر سکیں۔

برکت اللہ

ہولی ٹرنٹی چرچ۔ لاہور
جنوری ۱۹۳۹ء

نمازِ جنازہ کی ترتیب

یہ خیال رکھا جائے کہ ذیل کی ترتیب اُن لوگوں کے لئے عمل میں نہ لائی جائے
جو بپتسمہ پائے بغیر یا خودکشی کر کے مر گئے ہوں یا کلیسیا سے خارج رہ کر
مر گئے ہوں یا کسی سنگین جُرم کے اِرتکاب کرنے کی حالت میں مر گئے ہوں۔
اگر کسی وقت یہ امر متنازعہ فیہ ہو کہ ذیل کی ترتیب کسی کے جنازہ
پر پڑھی جائے یا نہیں تو اگر موقعہ اور محل اجازت دے تو یہ سوال بشپ
صاحب کے سامنے پیش کیا جائے اور اُس کے فیصلہ پر عمل کیا جائے۔

(۱) تمہید

خادمِ دین گرجا کے احاطے یا قبرستان کے دروازے پر جنازے
سے جا ملے اور گرجا کی طرف میت کے آگے آگے چلے اور ذیل کے فقرے اور
اگر ضرورت ہو تو مزمور ۶، ۳۲، ۳۸، ۵۱، ۱۰۲، ۱۳۰، ۱۴۳ میں
سے ایک یا زیادہ مزمور پڑھے یا گائے۔

خداوند فرماتا ہے۔ قیامت اور زندگی میں ہوں۔ جو مجھ پر
ایمان لاتا ہے گو وہ مر جائے تو بھی زندہ رہیگا۔ اور جو کوئی زندہ ہے اور

مجھ پر ایمان لاتا ہے وہ ابد تک کبھی نہ مریگا۔ (یوحنا ۱۱: ۲۵ اور ۲۶)

مَیں جانتا ہوں کہ میرا مخلصی بخشنے والا زندہ ہے اور وہ آخرکار زمین پر کھڑا ہوگا اور مَیں اپنی کھال کے اِس طرح برباد ہو جانے کے بعد بھی خدا کو دیکھونگا۔ مَیں خود اُس کو دیکھونگا اور میری اپنی آنکھیں دیکھینگی نہ کہ بیگانے کی (ایوب ۱۹: ۲۵ تا ۲۷ آیات)

نہ ہم دُنیا میں کچھ لائے۔ اور نہ کچھ اُس میں سے لے جا سکتے ہیں۔ خداوند نے دیا اور خداوند نے لیا خداوند کا نام مبارک ہے۔ (۱ تیمتھیس ۶: ۷ و ایوب ۱: ۲۱)

صادقوں کی راہ سحر کے نُور کی مانند ہے جس کی روشنی دوپہر تک بڑھتی چلی جاتی ہے (امثال ۴: ۱۸)

راستبازوں کی رُوحیں خدا کے ہاتھ میں ہیں اور کسی طرح کا عذاب اُن کو نہ چھوئیگا۔ (دانش ۳: ۱)

میری جوانی کی خطاؤں اور میرے گناہوں کو یاد نہ کر اے خداوند اپنی نیکی کی خاطر اپنی شفقت کے مطابق مجھے یاد فرما۔ (زبور ۲۵: ۷)

ابدی خدا تیری سکونت گاہ ہے اور نیچے اس کے دائمی بازو ہیں (استثنا ۳۳: ۲۷)

خدا کی جو محبت ہمارے خداوند مسیح یسوع میں ہے اُس سے ہم کو نہ موت جُدا کر سکیگی نہ زندگی نہ فرشتے اور نہ حکومتیں۔ نہ حال کی نہ استقبال کی چیزیں نہ قدرتیں نہ بلندی نہ پستی نہ کوئی اَور مخلوق۔ (رومیوں ۸: ۳۸ و ۳۹)

اگر ہم جیتے ہیں تو خداوند کے واسطے جیتے ہیں اور اگر مرتے ہیں تو خداوند کے واسطے مرتے ہیں پس ہم جئیں یا مریں خداوند ہی کے ہیں کیونکہ مسیح اِس لئے

مُوا اور زندہ ہُوا کہ مُردوں اور زندوں کا خداوند ہو۔ (رومیوں ۱۴: ۸ و ۹)
مبارک ہیں وہ جو غمگین ہیں کیونکہ وہ تسلّی پائینگے۔ (متی ۵: ۴)
تمہارا دل نہ گھبرائے تم خدا پر ایمان رکھتے ہو۔ مجھ پر بھی ایمان رکھو۔
میرے باپ کے گھر میں بہت سے مکان ہیں (یُوحنا ۱۴: ۱)

(۲) گرجا میں نماز

جب وہ گرجا میں پہنچیں تو ذیل کے مزامیر میں سے ایک یا زیادہ مزمُور پڑھے جائیں۔ مزمور کے ختم ہونے پر "جلال باپ اور بیٹے وغیرہ" یا چھوڑ دیا جائے یا اُس کی جگہ یہ پڑھا یا گایا جائے:۔

"اے خدا اُن کو اَبدی آرام عطا فرما اور یہ بخش کہ تیرا دائمی نُور اُن پر چمکے۔"

مزمُور یا مزامیر سے پہلے یا پیچھے ذیل کا گیت پڑھا یا گایا جائے:۔

"اے دُنیا کے نجات دینے والے تُو نے اپنی صلیب اور بیش قیمت خُون سے ہمارا فدیہ دیا ہے۔ اے خداوند ہم عاجزی سے تیری مِنّت کرتے ہیں ہمیں بچا اور ہماری مدد کر۔"

مزمُور ۳۹

۱۔ مَیں نے کہا مَیں اپنی راہ کی نگرانی کرونگا تاکہ میری زبان سے خطا نہ ہو۔ جب تک شریر میرے سامنے ہے مَیں اپنے مُنہ کو لگام دِیئے رہُونگا
۲۔ مَیں گُونگا بن کر خاموش رہا اور نیکی کی طرف سے بھی خاموشی اختیار کی اور میرا غم بڑھ گیا۔

۳- میرا دل اندر ہی اندر جل رہا تھا۔ سوچتے سوچتے آگ بھڑک اُٹھی۔
تب مَیں اپنی زبان سے کہنے لگا۔

۴- اے خداوند ایسا کر کہ مَیں اپنے انجام سے واقف ہو جاؤں اور اس سے
بھی کہ میری عُمر کی میعاد کیا ہے۔ مَیں جان لُوں کہ کیسا فانی ہوں۔

۵- دیکھ تُو نے میری عمر بالشت بھر کی رکھی ہے اور میری زندگی تیرے حضُور بے حقیقت
ہے۔ یقیناً ہر انسان بہترین حالت میں بھی بالکل بے ثبات ہے۔

۶- درحقیقت اِنسان سایہ کی طرح چلتا پھرتا ہے۔ یقیناً وہ فضول گھبراتے
ہیں۔ وہ ذخیرہ کرتا ہے اور یہ نہیں جانتا کہ اُسے کون لے گا۔

۷- اے خداوند اَب مَیں کِس بات کے لئے ٹھہرا ہوں؟ میری اُمید
تجھ ہی سے ہے۔

۸- مجھ کو میری سب خطاؤں سے رہائی دے۔
احمقوں کو مجھ پر انگشت نمائی نہ کرنے دے۔

۹- مَیں گُونگا بنا۔ مَیں نے مُنہ نہ کھولا۔ کیونکہ تُو ہی نے یہ کیا ہے۔

۱۰- مجھ سے اپنی بلا دُور کر دے۔
مَیں تو تیرے ہاتھ کی مار سے فنا ہُوا جاتا ہوں۔

۱۱- جب تُو انسان کو بدی پر مَلامت کر کے تنبیہہ کرتا ہے
تو اُس کے حُسن کو پتنگے کی طرح فنا کر دیتا ہے۔ یقیناً ہر انسان بے ثبات ہے۔

۱۲- اے خداوند! میری دُعا سُن اور میری فریاد پر کان لگا۔ میرے آنسُوؤں
کو دیکھ کر خاموش نہ رہ کیونکہ میں تیرے حضور پردیسی اور مسافر ہوں۔

جیسے میرے سب باپ دادا تھے۔

۱۳۔ آہ! مجھ سے نظر ہٹا لے تاکہ تازہ دم ہو جاؤں
اِس سے پہلے کہ رحلت کروں اور نابُود ہو جاؤں۔

۹۰ مزمُور یا

۱۔ یا رب! پُشت در پُشت تُو ہی ہماری پناہ گاہ رہا ہے۔
۲۔ اِس سے پیشتر کہ پہاڑ پیدا ہوئے یا زمین اور دُنیا کو تُو نے بنایا۔
ازل سے اَبد تک تُو ہی خدا ہے۔
۳۔ تُو انسان کو پھر خاک میں ملا دیتا ہے اور فرماتا ہے اے بنی آدم! لَوٹ آؤ۔
۴۔ کیونکہ تیری نظر میں ہزار برس ایسے ہیں جیسے کل کا دن جو گذر گیا
اور جیسے رات کا ایک پہر۔
۵۔ تُو اُن کو گویا سَیلاب سے بہا لے جاتا ہے۔ وہ نیند کی ایک جھپکی کی مانند
ہیں۔ وہ صبح کو اُگنے والی گھاس کی مانند ہیں۔
۶۔ وہ صُبح کو لہلہاتی اور بڑھتی ہے۔
وہ شام کو کٹتی اور سُوکھ جاتی ہے۔
۷۔ کیونکہ ہم تیرے قہر سے فنا ہو گئے اور تیرے غضب سے پریشان ہوئے
۸۔ تُو نے ہماری بدکرداری کو اپنے سامنے رکھا۔
اور ہمارے پوشیدہ گناہوں کو اپنے چہرہ کی روشنی میں۔
۹۔ کیونکہ ہمارے تمام دن تیرے قہر میں گذرے۔
ہماری عمر خیال کی طرح جاتی رہتی ہے۔

۱۰- ہماری عُمر کی میعاد ستّر برس ہے - یا قوت ہو تو اَسّی برس -
تو بھی ان کی رونق محض مشقّت اور غم ہے -
کیونکہ وہ جلد جاتی رہتی ہے اور ہم اُڑ جاتے ہیں -
۱۱- تیرے قہر کی شدّت کو کون جانتا ہے
اور تیرے خوف کے مطابق تیرے غضب کو؟
۱۲- ہم کو اپنے دن گننا سکھا - ایسا کہ ہم دانا دل حاصل کریں -
۱۳- اَے خداوند - باز آ! کب تک؟ اور اپنے بندوں پر رحم فرما -
۱۴- صبح کو اپنی شفقت سے ہم کو آسُودہ کر -
تاکہ ہم عُمر بھر خوش و خُرّم رہیں -
۱۵- جتنے دن تُو نے ہم کو دُکھ دیا اور جتنے برس ہم مصیبت میں رہے
اُتنی ہی خوشی ہم کو عنایت کر -
۱۶- تیرا کام تیرے بندوں پر اور تیرا جلال اُن کی اَولاد پر ظاہر ہو -
۱۷- اور رب ہمارے خدا کا کرم ہم پر سایہ کرے - ہمارے ہاتھوں کے کام کو
ہمارے لئے قیام بخش - ہاں ہمارے ہاتھوں کے کام کو قیام بخش دے -

یا مزمُور ۲۳

۱- خداوند میرا چرواہا ہے اس لئے مجھے کمی نہ ہوگی -
۲- وہ مجھے ہری ہری چراگاہوں میں بٹھاتا ہے -
وہ مجھے راحت کے چشموں کے پاس لے جاتا ہے -
۳- وہ میری جان کو بحال کرتا ہے -

وہ مجھے اپنے نام کی خاطر صداقت کی راہوں پر لے چلتا ہے۔

۴۔ اگر موت کے سایہ کی وادی میں سے بھی میرا گذر ہو
میں کسی بلا سے نہیں ڈروں گا کیونکہ تُو میرے ساتھ ہے۔
تیرے عصا اور تیری لاٹھی سے مجھے تسلی ہے۔

۵۔ تُو میرے ستانے والوں کے رُوبرُو میرے آگے دسترخوان بچھاتا ہے
تُو نے میرے سر پر تیل مَلا ہے۔ میرا پیالہ لبریز ہوتا ہے

۶۔ یقیناً تیری شفقت اور رحمت عمر بھر میرے ساتھ ساتھ رہیں گی۔
اور میں ابد تک خداوند کے گھر میں سکونت کرونگا۔

اِس کے بعد وِرد پڑھا جائے جو مقدس پولوس کے کرنتھیوں
کے نام کے پہلے خط کے پندرھویں باب میں سے لیا گیا ہے۔

ا۔کرنتھیوں ۱۵: ۲۰ تا آخر

فی الواقع مسیح مُردوں میں سے جی اُٹھا ہے۔ اور جو سو گئے ہیں اُن میں پہلا پھل ہوُا۔ کیونکہ جب آدمی کے سبب سے موت آئی تو آدمی ہی سبب سے مُردوں کی قیامت بھی آئی۔ اور جیسے آدم میں سب مرتے ہیں۔ ویسے ہی مسیح میں سب زندہ کئے جائینگے۔ لیکن ہر ایک اپنی اپنی باری سے پہلا پھل مسیح۔ پھر مسیح کے آنے پر اُس کے لوگ۔ اُس کے بعد آخرت ہوگی۔ اُس وقت وہ ساری حکومت اور تمام اختیار اور قدرت نیست کرکے بادشاہی کو خدا یعنی باپ کے حوالے کردیگا۔ کیونکہ جب تک کہ وُہ سارے دُشمنوں کو اپنے پاؤں تلے نہ لے آئے اُس کو بادشاہی کرنی ضرور

ہے۔ سب سے پچھلا دُشمن جو نیست کیا جائیگا وہ موت ہے۔ کیونکہ خدا نے سب کچھ اُس کے پاؤں تلے کر دیا ہے۔ مگر جب وہ کہتا ہے کہ سب کچھ اُس کے تابع کر دیا گیا تو ظاہر ہے کہ جس نے سب کچھ اُس کے تابع کر دیا وہ الگ رہا۔

اور جب سب کچھ اُس کے تابع ہو جائیگا۔ تو بیٹا خود اُس کے تابع ہو جائیگا جس نے سب چیزیں اُس کے تابع کر دیں۔ تاکہ سب میں خدا ہی سب کچھ ہو۔ ورنہ جو لوگ مُردوں کے لئے بپتسمہ لیتے ہیں وہ کیا کرینگے؟ اگر مُردے جی اُٹھتے ہی نہیں تو پھر کیوں اُن کے لئے بپتسمہ لیتے ہیں؟ اور ہم کیوں ہر وقت خطرے میں پڑے رہتے ہیں؟ اے بھائیو۔ مجھے اُس فخر کی قسم جو ہمارے خداوند مسیح یسُوع میں تم پر ہے۔ میَں ہر روز مرتا ہوں۔ اگر میَں انسان کی طرح افسس میں درندوں سے لڑا تو مجھے کیا فائدہ؟ اگر مُردے زندہ نہ کئے جائیں گے۔ تو آؤ۔ کھائیں پیئیں۔ کیونکہ کل تو مر ہی جائینگے۔ فریب نہ کھاؤ۔ بُری صحبتیں اچھی عادتوں کو بگاڑ دیتی ہیں۔ راستباز ہونے کے لئے ہوش میں آؤ اور گناہ نہ کرو۔ کیونکہ بعض خدا سے ناواقف ہیں۔ میَں تمہیں شرم دلانے کو یہ کہتا ہوں۔

اب کوئی یہ کہیگا کہ مُردے کس طرح جی اُٹھتے ہیں اور کیسے جسم کے ساتھ آتے ہیں۔ اے نادان تُو خود جو کچھ بوتا ہے جب تک وہ نہ مرے زندہ نہیں کیا جاتا۔ اور جو تُو بوتا ہے۔ یہ وُہ جسم نہیں جو پیدا ہونے والا ہے۔ بلکہ صرف دانہ ہے۔ خواہ گیہوں کا خواہ کسی اَور چیز کا۔ مگر خدا نے جیسا ارادہ کر لیا ویسا اُس کو جسم دیتا ہے۔ اور ہر ایک بیج کو اُس کا خاص جسم۔ سب گوشت یکساں گوشت نہیں۔ بلکہ آدمیوں کا گوشت اَور ہے چوپایوں کا گوشت اَور۔ پرندوں کا گوشت اَور ہے۔

مچھلیوں کا گوشت اَور۔ آسمانی بھی جسم ہیں اور زمینی بھی۔ مگر آسمانیوں کا جلال اَور ہے زمینیوں کا اَور۔ آفتاب کا جلال اَور ہے مہتاب کا جلال اَور ستاروں کا جلال اَور۔ کیونکہ ستارے ستارے کے جلال میں فرق ہے۔ مُردوں کی قیامت بھی ایسی ہی ہے۔ جسم فنا کی حالت میں بویا جاتا ہے۔ اور بقا کی حالت میں جی اُٹھتا ہے۔ بےحُرمتی کی حالت میں بویا جاتا ہے۔ اور جلال کی حالت میں جی اُٹھتا ہے۔ کمزوری کی حالت میں بویا جاتا ہے۔ اور قوّت کی حالت میں جی اُٹھتا ہے۔ نفسانی جسم بویا جاتا ہے۔ اور رُوحانی جسم جی اُٹھتا ہے۔ جب نفسانی جسم ہے تو رُوحانی جسم بھی ہے۔ چنانچہ لکھا ہے کہ پہلا آدمی یعنی آدم زندہ نفس بنا۔ پچھلا آدم زندگی بخشنے والی رُوح بنا۔ لیکن رُوحانی پہلے نہ تھا بلکہ نفسانی تھا۔ اُس کے بعد رُوحانی ہُوا۔ پہلا آدمی زمین سے۔ یعنی خاکی تھا۔ دُوسرا آدمی آسمانی ہے۔ جیسا وُہ خاکی تھا ویسے ہی اَور خاکی ہیں۔ اور جیسا وہ آسمانی ہے ویسے ہی اَور آسمانی ہیں۔ اور جس طرح ہم اُس خاکی کی صورت پر ہوئے اُسی طرح اُس آسمانی کی صورت پر بھی ہوں گے۔

اے بھائیو میرا مطلب یہ ہے کہ گوشت اور خُون خدا کی بادشاہت کا وارث نہیں ہو سکتا اور نہ فنا بقا کی وارث ہو سکتی ہے۔ دیکھو میں تم سے بھید کی بات کہتا ہوں ہم سب تو نہیں سوئینگے مگر سب بدل جائینگے۔ اور یہ ایک دم میں۔ ایک پل میں۔ پچھلا نرسنگا پھونکتے ہی ہوگا۔ کیونکہ نرسنگا پھونکا جائیگا اور مُردے غیر فانی حالت میں اُٹھینگے اور ہم بدل جائینگے۔ کیونکہ ضرور ہے کہ یہ فانی جسم بقا کا جامہ پہنے اور یہ مرنے والا جسم حیاتِ ابدی کا جامہ پہنے۔ اور جب یہ فانی جسم بقا کا جامہ

پہن چکیگا - اور یہ مرنے والا جسم حیاتِ اَبدی کا جامہ پہن چکیگا - تو وہ قول پُورا ہوگا جو لکھا ہے کہ مَوت فتح کا لُقمہ ہوگئی - اے مَوت تیری فتح کہاں رہی؟ اے مَوت تیرا ڈنک کہاں رہا؟ مَوت کا ڈنک گناہ ہے - اور گناہ کا زور شریعت ہے - مگر خدا کا شُکر ہے جو ہمارے خداوند یسُوع مسیح کے وسیلے سے ہم کو فتح بخشتا ہے - پس اے میرے عزیز بھائیو - ثابت قدم اور قائم رہو - اور خداوند کے کام میں ہمیشہ افزائش کرتے رہو - کیونکہ یہ جانتے ہو کہ تمہاری محنت خداوند میں بے فائدہ نہیں ہے -

۲ کرنتھیوں ۴ : ۱۶ تا ۵ : ۱۰

اِس لئے ہم ہمّت نہیں ہارتے بلکہ گو ہماری ظاہری انسانیت زائل ہوتی جاتی ہے - پھر بھی ہماری باطنی انسانیت روز بروز نئی ہوتی جاتی ہے - کیونکہ ہماری دم بھر کی ہلکی سی مصیبت ہمارے لئے از حد بھاری اور اَبدی جلال پیدا کرتی جاتی ہے جس حال میں کہ ہم دیکھی ہوئی چیزوں پر نہیں بلکہ اندیکھی چیزوں پر نظر کرتے ہیں کیونکہ دیکھی ہوئی چیزیں چند روزہ ہیں مگر اَندیکھی چیزیں اَبدی ہیں -

کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ جب ہمارا خیمہ کا گھر جو زمین پر ہے گرایا جائیگا تو ہم کو خدا کی طرف سے آسمان پر ایک ایسی عمارت ملے گی جو ہاتھ کا بنا ہؤا گھر نہیں بلکہ اَبدی ہے -

چنانچہ ہم اِس میں کراہتے ہیں اور بڑی آرزو رکھتے ہیں کہ اپنے آسمانی گھر سے ملبس ہو جائیں۔ تاکہ ملبس ہونے کے باعث ننگے نہ پائے جائیں۔ کیونکہ ہم اِس خیمہ میں رہ کر بوجھ کے مارے کراہتے ہیں۔ اس لئے نہیں کہ یہ لباس اُتارنا چاہتے ہیں بلکہ اِس پر اَور پہننا چاہتے ہیں تاکہ وہ جو فانی ہے زندگی میں غرق ہو جائے۔ اور جس نے ہم کو اِسی بات کے لئے تیار کیا وہ خدا ہے اور اُسی نے ہمیں رُوح بیعانہ میں دیا۔ پس ہمیشہ ہماری خاطر جمع رہتی ہے اور ہم یہ جانتے ہیں کہ جب تک ہم بدن کے وطن میں ہیں خداوند کے ہاں سے جلاوطن ہیں۔ کیونکہ ہم ایمان پر چلتے ہیں نہ کہ آنکھوں دیکھے پر۔ غرض ہماری خاطر جمع ہے اور ہم کو بدن کے وطن سے جُدا ہو کر خداوند کے وطن میں رہنا زیادہ منظور ہے۔ اِسی واسطے ہم یہ حوصلہ رکھتے ہیں کہ وطن میں ہوں خواہ جلاوطن۔ اُس کو خوش کریں۔ کیونکہ ضرور ہے کہ مسیح کے تختِ عدالت کے سامنے جا کر ہم سب کا حال ظاہر کیا جائے تاکہ ہر شخص اپنے اُن کاموں کا بدلہ پائے جو اُس نے بدن کے وسیلے سے کئے ہوں۔ خواہ بھلے ہوں خواہ بُرے ہوں۔

۱۷۔ مکاشفات ۲۱: ۱-۷

پھر مَیں نے ایک نئے آسمان اور نئی زمین کو دیکھا کیونکہ پہلا آسمان اور پہلی زمین جاتی رہی تھی اور سمندر بھی نہ رہا تھا۔ پھر مَیں نے شہرِ مقدس نئے یروشلیم کو آسمان پر سے خدا کے پاس سے اُترتے دیکھا اور وہ اُس دُلہن کی مانند آراستہ

تھا جس نے اپنے شوہر کے لئے سنگار کیا ہو۔ پھر مَیں نے تخت میں سے کسی کو بُلند آواز سے یہ کہتے سُنا کہ دیکھ خدا کا خیمہ آدمیوں کے درمیان ہے اور وہ اُن کے ساتھ سکونت کریگا اور وہ اُس کے لوگ ہونگے اور خدا آپ اُن کے ساتھ رہیگا اور اُن کا خدا ہوگا۔ اور وہ اُن کی آنکھوں کے سب آنسو پونچھ دیگا۔ اِس کے بعد نہ موت رہیگی اور نہ ماتم رہیگا۔ نہ آہ و نالہ نہ درد۔ پہلی چیزیں جاتی رہیں۔ اور جو تخت پر بیٹھا ہُوا تھا اُس نے کہا دیکھ مَیں سب چیزوں کو نیا بنا دیتا ہوں۔ پھر اُس نے کہا لکھ لے کیونکہ یہ باتیں سچ اور برحق ہیں۔ پھر اُس نے مجھ سے کہا یہ باتیں پُوری ہو گئیں۔ مَیں الفا اور اومیگا یعنی ابتدا اور انتہا ہوں۔ میں پیاسے کو آبِ حیات کے چشمہ سے مُفت پلاؤنگا۔

یا مکاشفات ۲۱: ۲۳ - ۲۶

اور اُس شہر میں سُورج یا چاند کی روشنی کی کچھ حاجت نہیں کیونکہ خدا کے جلال نے اُسے روشن کر رکھا ہے اور برّہ اُس کا چراغ ہے۔ اور قومیں اُس کی روشنی میں چلیں پھریں گی اور زمین کے بادشاہ اپنی شان و شوکت کا سامان اُس میں لائیں گے۔ اور اُس کے دروازے دن کو ہرگز بند نہ ہونگے (اور رات وہاں نہ ہوگی) اور لوگ قوموں کی شان و شوکت اور عزّت کا سامان اُس میں لائیں گے۔

(۳) دفن کرنا

جب وہ قبر کے پاس پہنچیں اور میّت کو قبر میں رکھنے کی تیاری کر چکیں تو

تو خادمِ دین ذیل کا گیت پڑھے یا گائے۔

انسان جو عورت سے پیدا ہوتا ہے تھوڑے ہی دن جیتا ہے اور مصیبتوں میں گرفتار رہتا ہے۔ وہ پھول کی طرح کھلتا ہے اور پھر کملا جاتا ہے۔ وہ سایہ کی طرح ڈھل جاتا ہے۔ اور کبھی یکساں نہیں رہتا۔

ہم زندگی میں بھی موت کے پنجے میں ہیں۔ اے خداوند ہم تیرے سوا اور کس کی پناہ ڈھونڈیں۔

اے کمال قدوس خداوند خدا۔ اے کمال قادر خداوند۔ اے قدوس اور کمال رحیم منجی۔ تو ہمیں ابدی موت کی تلخی کو چکھنے نہ دے۔

اے خداوند تو ہمارے دلوں کے بھید جانتا ہے۔ ہماری دعا کی طرف اپنی رحمت کے کان لگا۔ اے قدوس خداوند۔ اے قادر مطلق خدا۔ اے قدوس اور رحیم منجی۔ اے عادل۔ اعلیٰ اور ازلی منصف۔ ہمیں بچالے اور مرتے دم ہم کو موت کے کسی درد کے سبب اپنے سے جدا ہونے نہ دے۔

یا

زبور ۱۰۳: ۱۳-۱۷

۱۳- جیسے باپ اپنے بیٹوں پر ترس کھاتا ہے۔
ویسے ہی خداوند ان پر جو اس سے ڈرتے ہیں ترس کھاتا ہے۔
۱۴- کیونکہ وہ ہماری سرشت سے واقف ہے۔ اسے یاد ہے کہ ہم خاک ہیں۔
۱۵- انسان کی عمر تو گھاس کی مانند ہے
وہ جنگلی پھول کی طرح کھلتا ہے۔
۱۶- کہ ہوا اس پر چلی اور وہ نہیں اور اس کی جگہ اسے پھر نہ دیکھے گی۔

۱۷۔ لیکن خداوند کی شفقت اُس سے ڈرنے والوں پر ازل سے اَبد تک۔ اور اُس کی صداقت نسل در نسل ہے۔

جب حاضرین میں سے بعض میت کو مٹی دیں تب پریسٹ کہے

چونکہ قادرِ مطلق خدا کی یہ مرضی ہوئی کہ ہمارے اِس بھائی کی رُوح کو جو رحلت کر گیا ہے اپنی بڑی رحمت سے اپنے پاس بُلالے اِس لئے ہم اُس کی لاش کو زمین کے اندر رکھتے ہیں۔ اور مٹی کو مٹی اور راکھ کو راکھ اور خاک کو خاک کے سپرد کرتے ہیں اس کامل اور قوی اُمید پر کہ ہمارے خداوند یسُوع مسیح کے وسیلے سے اَبدی زندگی کے لئے قیامت ہوگی۔ وہ اپنی قدرتِ کاملہ سے جس سے سب چیزوں کو اپنے تابع کر سکتا ہے ہمارے ذلیل بدن کو بدل کر اپنے جلیل بدن کا ہم صورت بنائے گا۔

یا یہ

اے کمال رحیم باپ۔ ہم تیرے رحم کے ہاتھوں میں اس بھائی کی روح کو جو رحلت کر گیا ہے سپرد کرتے ہیں۔ ہم اس کی لاش کو زمین کے اندر رکھتے ہیں اور مٹی کو مٹی اور راکھ کو راکھ اور خاک کو خاک کے سپرد کرتے ہیں۔ ہم تیری منت کرتے ہیں کہ اپنے بے حد رحم سے ہم کو یہ توفیق بخش کہ ہم تیرے خوف اور محبت میں زندگی گذاریں۔ اور تیری شفقت میں اس جہان سے کُوچ کریں تاکہ جب روزِ حساب آئے جو تُو نے اپنے عزیز بیٹے کے سپرد کیا ہے یہ ہمارا بھائی اور ہم تیری نظر میں مقبول ہوں۔ اے رحیم باپ ہمارے مُنجی درمیانی اور شفیع یسُوع مسیح کی خاطر

یہ بخش دے۔ آمین۔

تب یہ پڑھا یا گایا جائے

مَیں نے آسمان میں سے یہ آواز سُنی کہ لکھ۔ مبارک ہیں وہ مُردے جو اَب سے خداوند میں مرتے ہیں۔ رُوح کہتا ہے بے شک۔ کیونکہ وہ اپنی محنتوں سے آرام پائینگے۔

یہاں خادمِ دین یہ بھی کہہ سکتا ہے

اب اُس ازلی غیر فانی نادیدہ حکیم بادشاہ واحد خدا کی عزّت اور تمجید اَبدالآباد ہوتی رہے۔ آمین۔

(۴) دُعائیں

تب پریسٹ کہے

خداوند ہم پر رحم کر۔

جواب۔ مسیح ہم پر رحم کر۔

پریسٹ۔ خداوند ہم پر رحم کر۔

اے ہمارے باپ جو آسمان پر ہے۔ تیرا نام پاک مانا جائے۔ تیری بادشاہی آئے۔ تیری مرضی جیسی آسمان پر پوری ہوتی ہے زمین پر بھی ہو۔ ہماری روز کی روٹی آج ہمیں دے۔ اور ہمارے قصوروں کو مُعاف کر۔ کہ ہم بھی اپنے قصُورواروں کو معاف کرتے ہیں اور ہمیں آزمائش میں نہ پڑنے دے۔ بلکہ بُرائی سے بچا۔ آمین۔

خادمِ دین۔ اے خداوند اپنے بندے کو عدالت میں نہ لا۔

جواب۔ کیونکہ تیری نظر میں کوئی انسان راستباز نہیں ٹھہر سکتا۔

خادمِ دین۔ اے خدا۔ اِس کو اَبدی آرام عطا فرما۔

جواب۔ اور تیرا دائمی نُور اِس پر چمکے۔

خادمِ دین۔ ہم کو یقین ہے کہ ہم خداوند کا احسان دیکھینگے۔

جواب۔ ہاں۔ ہم زندوں کی زمین میں خداوند کا احسان دیکھینگے۔

خادمِ دین۔ اے خداوند ہماری دُعا کو سُن۔

جواب۔ اور ہماری منّت کی آواز تیرے حضور پہنچے۔

تب ذیل کی ایک یا زیادہ دُعائیں پڑھی جائیں اور خادمِ دین کہے:۔

اے قادرِ مُطلق خدا۔ جو لوگ خداوند میں ہو کر یہاں سے رحلت کر جاتے ہیں اُن کی رُوحیں تیرے پاس زندہ رہتی ہیں اور ایمانداروں کی رُوحیں جسم کے بوجھ سے رہائی پا کر تیرے پاس خوشی اور خورّمی میں رہتی ہیں۔ ہم دل وجان سے تیرا شکر کرتے ہیں۔ کہ ہمارے اِس بھائی کو اِس گناہ آلُودہ دُنیا کے دُکھوں سے بچانا تجھے پسند آیا۔ ہم تیری منّت کرتے ہیں کہ تُو کرم کر کے اپنے فضل سے اپنے برگزیدہ لوگوں کا شمار پُورا کرنے میں تاخیر نہ کر اور اپنی بادشاہت کو جلد قائم کر۔ تاکہ ہم اُن سب سمیت جو تیرے پاک نام کے سچے ایمان پر انتقال کر گئے ہیں تیرے ازلی اور اَبدی جلال میں بدن اور رُوح کی پُوری تکمیل اور مبارک حالی حاصل کریں۔ ہمارے خداوند یسُوع مسیح کے وسیلے سے۔ آمین۔

اے رحیم خدا تُو ہمارے خداوند یسُوع مسیح کا باپ ہے جو قیامت اور زندگی ہے جو کوئی اُس پر ایمان لاتا ہے گو وہ مر جائے تو بھی زندہ رہتا ہے اور جو کوئی جیتا ہے اور اُس پر ایمان لاتا ہے وہ ابد تک کبھی نہیں مرتا ہے۔ اُس نے اپنے مقدّس رسول کی معرفت ہمیں سکھایا ہے کہ جو لوگ مسیح میں سو جاتے ہیں ہم اُن کے واسطے نااُمیدوں کی طرح ماتم نہ کریں۔ اے باپ ہم خاکساری سے تیری منّت کرتے ہیں کہ ہم کو گناہ کی مَوت میں سے نکال کر راستبازی کی زندگی میں داخل کر۔ تاکہ جب ہم اِس جہان سے کُوچ کریں تو مسیح میں آرام پائیں۔ جس طرح ہمیں اُمید ہے کہ ہمارے اِس بھائی نے پایا ہے اور عاقبت کے روز جب سب جمع ہونگے ہم تیری نظر میں مقبُول ٹھہریں۔ اور وہ برکت حاصل کریں جو تیرا نہایت عزیز بیٹا اُن سب سے جو تیری محبّت اور خوف رکھتے ہیں۔ اُس وقت یہ فرما کر دیگا کہ اے میرے باپ کے سعادتمند فرزندو۔ آؤ۔ جو بادشاہت بنائے عالم کے وقت سے تمہارے لئے تیار کی گئی ہے اُسے میراث میں لو۔ اَے رحیم باپ ہم تیری منّت کرتے ہیں ہمارے درمیانی اور فدیہ دینے والے یسوع مسیح کے وسیلے سے یہ عنایت کر۔ آمین۔

اے باپ۔ ہم اُن سب کے لئے دُعا کرتے ہیں جن کے ساتھ ہم محبّت رکھتے ہیں گو ہم اُن کو اپنی ظاہری آنکھوں سے نہیں دیکھ سکتے۔ اُن کو اپنا اطمینان عطا کر۔ بخش دے کہ تیرا دائمی نُور اُن پر ہمیشہ چمکے۔ اور وہ تیری محبّت کا علم حاصل کرتے جائیں اور تیری خوشی سے معمُور ہو کر تیرے اطمینان کی گود میں رہیں۔ اپنی پُر محبّت دانش اور قدرت کے ذریعہ اُن میں اپنی کامل مرضی

کا نیک مقصد پُورا کر۔ ہمارے خداوند یسُوع مسیح کے وسیلے سے۔ آمین۔

اے قادرِ مُطلق خدا۔ تُو سب رحمتوں کا باپ ہے اور تُو ہی ہر طرح کی تسلّی بخشتا ہے۔ ہم تیری منّت کرتے ہیں تُو اُن سب پر فضل کر جو غم اور رنج میں مُبتلا ہیں تاکہ وہ اپنا سارا فکر تجھ پر ڈال دیں۔ تُو اُن کی حاجتوں کو رفع کر۔ اُن کے تفکّرات کو دُور کر۔ اُن کی ضروریات کو پُورا کر تاکہ وہ تیری محبّت کی تسلّی کو جان سکیں۔ اور یہ معلوم کر سکیں کہ سب چیزیں مل کر تجھ سے محبّت رکھنے والوں کے لئے بھلائی پیدا کرتی ہیں۔ ہمارے خداوند یسُوع مسیح کے وسیلے سے۔ آمین۔

اے آسمانی باپ تُو نے اپنے بیٹے یسُوع مسیح کے وسیلے ہم کو سچّا ایمان اور دائمی اُمید عطا کی ہے۔ ہماری مدد کر۔ تاکہ ہم اُن لوگوں کی طرح زندگی بسر کریں جو مقدّسوں کی رفاقت گناہوں کی مغفرت اور ابدی زندگی کے لئے قیامت پر ایمان رکھتے ہیں۔ ہم میں عُمر بھر اِس ایمان اور اُمید کو پُختہ اور مضبوط کر۔ اپنے بیٹے ہمارے خداوند یسُوع مسیح کی محبّت کی خاطر۔ آمین۔

اے خدا تُو رحیم اور کریم خدا ہے۔ ہم تیری منّت کرتے ہیں اُن پر جو اِس وقت غم میں مبتلا ہیں کرم کی نگاہ کر۔ اُن کے رنج میں اُن کو اپنی رفاقت عطا کر بخش دے کہ وہ تیری تسلّی اور محبّت کی آواز کو سُنیں۔ اپنے فضل سے اُن کو یہ توفیق بخش کہ وہ تہِ دل سے یہ کہہ سکیں کہ خداوند نے دیا خداوند نے لے لیا خداوند کا نام مبارک ہو۔ یہ ہم اپنے مُنجی یسُوع مسیح کی خاطر مانگتے ہیں۔ آمین۔

اے قادرِ مطلق خدا تُو نے اپنے برگزیدوں کو اپنے بیٹے ہمارے خداوند یسُوع مسیح کے رُوحانی بدن کی شراکت میں پیوستہ کیا ہے۔ ہم پر ایسا فضل کر کہ تمام نیکوکاری اور خداپرستی میں ہم تیرے مبارک مقدسوں کی اس طرح پیروی کریں کہ ہم اُن بے قیاس خوشیوں کو حاصل کریں جن کو تُو نے اُن کے لئے تیار کیا ہے جو تجھ سے بے ریا محبّت رکھتے ہیں۔ ہمارے خداوند یسُوع مسیح کے وسیلے سے۔ آمین۔

اے قادرِ مُطلق اور ازلی خدا تُو ہمارے مانگنے کی نسبت ہماری دُعائیں سُننے پر ہمیشہ زیادہ مُستعد رہتا ہے اور ہماری آرزو اور لیاقت کی نسبت ہم کو زیادہ عطا کرتا ہے۔ اپنی رحمت ہم پر کثرت سے نازل کر اور جن باتوں کے سبب ہمارے دل کانپتے ہیں تُو اُن کو معاف فرما۔ اور ہم کو وہ اچھی چیزیں دے جن کے مانگنے کے ہم لائق نہیں مگر صرف تیرے بیٹے اپنے خداوند یسُوع مسیح کے ثواب اور شفاعت کی طفیل سے۔ آمین۔

اے قادرِ مطلق خدا۔ تمام بنی آدم کی رُوحوں کے خدا۔ ہم تیری منّت کرتے ہیں کہ اُن میں جو مسیح میں آرام کرتے ہیں اپنی گُوناگُوں محبّت بڑھا تاکہ وہ نیک کام جو تُو نے اُن میں شروع کیا تھا یسُوع مسیح کے دن تک اُن میں انجام پا سکے۔
اے آسمانی باپ۔ اپنے رحم سے یہ عنایت فرما کہ ہم جو اس دُنیا میں تیری خدمت کرتے ہیں تیرے اُن مقدسوں کے ساتھ جو تیرے دائمی نُور میں ہیں تیری آسمانی بادشاہت میں شریک ہوں۔ یہ ہم تیرے بیٹے اپنے خداوند اور مُنجی یسُوع مسیح کی خاطر مانگتے ہیں۔ آمین۔

اے خداوند۔ تُو اس دُکھ بھری زندگی کے ایّام میں ہماری مدد کر۔ اے خداوند جب

تک ہماری عمر ڈھل کر زندگی کی شام کو نہ پہنچے۔ اور اِس دُنیا کا شور اور زندگی کا غوغا ختم نہ ہو جائے اور ہمارا کام انجام کو نہ پہنچے اپنے رحم سے ہم کو منزلِ محفوظ۔ آرامِ جان اور کامل اطمینان عطا فرما۔ ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے۔ آمین۔

اے رحیم باپ۔ ہم اُن سب کو جو رُوح یا جسم یا مال کا کوئی رنج یا تکلیف اُٹھا رہے ہیں۔ تیری پدرانہ شفقت کے سپرد کرتے ہیں۔ تو کرم کرکے ہر ایک کو اُس کی ضرورت کے موافق تسلی اور تسکین دے۔ اُن کے دُکھوں میں اُن کو صبر بخش اور اُن کی سب مصیبتوں کا انجام بخیر کر۔ یہ ہم یسوع مسیح کا واسطہ دے کر مانگتے ہیں۔ آمین۔

پھر یہ کہا جائے

۲ کرنتھیوں ۱۳: ۱۴

ہمارے خداوند یسوع مسیح کا فضل اور خدا کی محبت اور رُوح القدس کی رفاقت ہم سب کے ساتھ ہمیشہ رہے۔ آمین۔

پادری برکت اللہ صاحب ایم۔ اے کی تصنیفات

محمد عربی اس کتاب میں پادری صاحب نے بانئ اسلام کی زندگی کے تمام صحیح واقعات کو قرآن۔ حدیث اور کتب سیر سے بڑی محنت شاقہ سے جمع کیا ہے۔ مسلم علمائے بھی اس کتاب کی صحت کو تسلیم کیا ہے۔ قیمت ایک روپیہ۔

صحت کتب مقدسہ اس رسالہ میں بائبل شریف کی کتابوں کی صحت کو تاریخی نقطۂ نگاہ سے ثابت کیا گیا ہے۔ مسئلۂ تحریف پر جامع۔ مانع اور لاجواب کتاب ہے۔ شمالی ہند کے علم الٰہیات کے بعض مدرسوں میں پڑھائی جاتی ہے۔ قیمت ۸ ر

نور الہدیٰ خواجہ کمال الدین قادیانی نے ایک گمراہ کن کتاب ینابیع المسیحیت تحریر کی تھی پادری صاحب نے نور الہدیٰ میں دندان شکن جواب دیا ہے۔ بعض مشنوں نے اس کتاب کو امتحان کے کورس میں رکھا ہے۔ قیمت ہر دو جلد ۱۴ ر

دین فطرت۔ مسیحیت یا اسلام اس کتاب میں پادری صاحب نے یہ ثابت کیا ہے کہ صرف مسیحیت انسانی فطرت کے تمام تقاضاؤں کو پورا کرتی ہے۔ قیمت ۸ ر

دشت کربلا اور کوہ کلوری اس مختصر رسالہ میں پادری صاحب نے امام حسین کی موت اور خداوند مسیح کی موت

کا موازنہ اور مقابلہ کیا ہے۔ قیمت ۱ر

اسرائیل کا نبی یا جہان کا منجی مسلمانوں کے اِس شُبہ کا ازالہ کہ مسیح صرف یہود کے لئے آئے تھے اور اس بات کا ثبوت کہ مسیح کا پیغام رُوئے زمین کی تمام اقوام کے لئے ہے۔ قیمت ۵ر

مسیحیت کی عالمگیری اِس کتاب میں پادری صاحب نے ثابت کیا ہے۔ کہ مسیحیت کے اُصول اور خداوند مسیح کی شخصیت اور نمونہ عالمگیر ہیں۔ قیمت ۸ر

صلیب کے عَلَم بردار کلیسیائے پنجاب کے چند ابتدائی مشنری صاحبان کے حالاتِ حیات و خدمت۔ قیمت ۸ر

کلمتہ اللہ کی تعلیم اِس کتاب میں پادری صاحب نے خداوند مسیح کی تعلیم اور اس کی بے نظیری کو ثابت کیا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ یہ کتاب رُوح القُدس کی تائید سے لکھی گئی ہے پادری صاحب کو اس کتاب کے لکھنے کے لئے انعام مِلا ہے۔ قیمت ۸ر

مسیحیت اور سائنس اِس مختصر رسالہ میں پادری صاحب نے ایک نرالے طریقے سے ثابت کیا ہے کہ پیدائش کی کتاب اور سائنس میں کسی قسم کا اختلاف اور تضاد نہیں ہے۔ قیمت صرف ۲ر

ملنے کا پتہ: **پنجاب ریلیجس بُک سوسائٹی۔ انارکلی۔ لاہور**

ORDER FOR THE BURIAL OF A CHILD.

(Revised Prayer Book 1928.)

Persian- Urdu.

بچوں کی نمازِ جنازہ کی ترتیب

کرسچن نالج سوسائٹی

انارکلی - لاہور

S. P. C. K. Lahore.

1st. edition. 2000 1939.

قیمت فی جلد ۹ پائی

بار اوّل ۲۰۰۰ جلد

نوٹ

یہ نماز کی ترتیب جناب بشپ صاحب لاہور کے حکم اور ہدایت کے ماتحت اردو میں ترجمہ کی گئی ہے تاکہ لاہور کے اسقفی علاقہ کی کلیسیائیں اس کو استعمال کر سکیں۔

برکت اللہ

ہولی ٹرنٹی چرچ۔ لاہور
جنوری ۱۹۳۹ء

بچّوں کی نمازِ جنازہ کی ترتیب

پریسٹ یا خادمانِ دین قبرستان کے دروازے پر جنازہ کے پاس جائیں اور
گرجا گھر یا قبر کی طرف میّت کے آگے آگے یہ پڑھتے یا گاتے ہوئے چلیں

(۱) تمہید

خداوند فرماتا ہے۔ قیامت اور زندگی تو مَیں ہوں۔ جو مجھ پر ایمان
لاتا ہے گو وہ مر جائے تو بھی زندہ رہیگا۔ اور جو کوئی زندہ ہے اور مجھ پر
ایمان لاتا ہے وہ ابد تک کبھی نہ مریگا۔ (یُوحنّا ۱۱: ۲۵ و ۲۶)

مَیں جانتا ہوں کہ میرا مخلصی بخشنے والا زندہ ہے اور وہ آخرِ کار
زمین پر اُٹھ کھڑا ہوگا۔ مَیں خود اپنے خدا کو دیکھونگا۔ اور اُس کو میری
اپنی آنکھیں دیکھینگی۔ نہ کہ بیگانے کی۔ (ایوب ۱۹: ۲۵ تا ۲۷ آیت)

نہ ہم دُنیا میں کچھ لائے۔ اور نہ کچھ اُس میں سے لے جا سکتے ہیں۔
خداوند نے دیا اور خداوند نے لے لیا خداوند کا نام مبارک ہے (۱تھیمس
۶: ۷ + ایوب ۱: ۲۱)۔

وہ چوپان کی مانند اپنا گلہ چرائیگا۔ وہ برّوں کو اپنے بازوؤں میں جمع کریگا

اور اپنی بغل میں لے کر چلیگا (یسعیاہ ۴۰: ۱۱)

(۲) گرجا میں نماز

مزمور ۔ ۲۳

۱۔ خداوند میرا چوپان ہے۔ مجھے کمی نہ ہوگی۔
۲۔ وہ مجھے ہری ہری چراگاہوں میں بٹھاتا ہے۔
وہ مجھے راحت کے چشموں کے پاس لے جاتا ہے۔
۳۔ وہ میری جان کو بحال کرتا ہے۔
وہ مجھے اپنے نام کی خاطر صداقت کی راہوں پر لے چلتا ہے۔
۴۔ بلکہ خواہ موت کے سایہ کی وادی میں سے میرا گذر ہو۔
میں کسی بلا سے نہیں ڈرونگا کیونکہ تو میرے ساتھ ہے۔
۵۔ تیرے عصا اور تیری لاٹھی سے مجھے تسلی ہے
تو میرے دشمنوں کے روبرو میرے لئے دسترخوان بچھاتا ہے۔
تو نے میرے سر پر تیل ملا ہے۔ میرا پیالہ لبریز ہوتا ہے۔
۶۔ یقیناً بھلائی اور رحمت عمر بھر میرے ساتھ ساتھ رہینگی۔
اور میں ہمیشہ خداوند کے گھر میں سکونت رکھونگا۔

(اس کے بعد انجیل میں سے یہ پڑھا جائے)

(مقدس مرقس ۱۰: ۱۳)

لوگ بچّوں کو مسیح کے پاس لانے لگے تاکہ وہ انہیں چھوئے۔ مگر شاگردوں نے اُن کو جھڑکا۔ یسوُع یہ دیکھ کر خفا ہؤا اور اُن سے کہا۔ بچّوں کو میرے پاس آنے دو۔ اُنہیں منع نہ کرو۔ کیونکہ خدا کی بادشاہی اَیسوں ہی کی ہے۔ مَیں تم سے سچ کہتا ہوں کہ جو کوئی خدا کی بادشاہی کو بچّے کی طرح قبول نہیں کرتا وہ اُس میں ہرگز داخل نہ ہوگا۔ پھر اُس نے اُنہیں اپنی گود میں لیا۔ اور اُن پر ہاتھ رکھکر اُنہیں برکت دی۔

جب وہ قبر کے پاس پہنچیں اور میّت کو قبر میں رکھنے کی تیاری ہو چکے تو پریسٹ ذیل کے فقرے کہے یا پریسٹ اور خادمان گائیں

انسان جو عورت سے پیدا ہوتا ہے تھوڑے ہی روز جیتا ہے اور مصیبت میں گرفتار رہتا ہے۔ وہ پھوُل کی طرح کھِلتا ہے اور پھر کُملا جاتا ہے۔ وہ سایہ کی طرح ڈھل جاتا ہے اور کبھی یکساں نہیں رہتا۔

جب حاضرین میں سے بعض شخص میّت کو مٹی دیں تب پریسٹ کہے

چونکہ قادرِ مطلق خدا کی یہ مرضی ہوئی کہ اِس بچّے کی رُوح کو جو رحلت کر گیا ہے اپنی بڑی رحمت سے اپنے پاس بُلالے اِس لئے ہم اِس کی لاش کو زمین کے اندر رکھتے ہیں اور مٹی کو مٹی اور راکھ کو راکھ اور خاک کو خاک کے سپُرد کرتے ہیں اِس کامل اور قوی اُمید پر کہ ہمارے خداوند یسوُع مسیح کے وسیلے سے اَبدی زندگی کے لئے قیامت ہوگی۔ وہ اپنی قدرتِ کاملہ سے جس سے سب چیزوں کو اپنے تابع کر سکتا ہے ہمارے ذلیل بدن کو بدل کر اپنے جلیل بدن کا ہم صورت بنائیگا۔

یا یہ

اے نہایت رحیم باپ۔ ہم تیرے رحم کے ہاتھوں میں اس بچے کی رُوح کو جو رحلت کر گیا ہے سپرُد کرتے ہیں۔ ہم اس کی لاش کو زمین کے اندر رکھتے ہیں اور مٹی کو مٹی اور راکھ کو راکھ اور خاک کو خاک کے سپرُد کرتے ہیں۔ ہم تیری منت کرتے ہیں کہ اپنے بے حد رحم سے ہم کو یہ توفیق بخش کہ ہم تیرے خوف اور محبت میں زندگی گذاریں اور تیری شفقت میں اِس جہان سے کُوچ کریں تاکہ جب روزِ حساب آئے جو تُو نے اپنے عزیز بیٹے کے سپرُد کیا ہے یہ ہمارا بچہ اور ہم تیری نظر میں مقبُول ہوں۔ اے رحیم باپ ہمارے مُنجی۔ درمیانی اور شفیع یسُوع مسیح کی خاطر یہ بخش دے۔ آمین۔

پھر یہ پڑھا یا گایا جائے

اُن کو نہ کبھی بھُوک لگیگی نہ پیاس۔ نہ کبھی اُن کو دھُوپ ستائے گی نہ گرمی۔ کیونکہ جو برّہ تخت کے بیچ میں ہے وہ اُن کی گلہ بانی کریگا اور اُن کو آبِ حیات کے چشموں کے پاس لے جائیگا اور خدا اُن کی آنکھوں کے سب آنسُو پُونچھ دیگا۔

پھر خادم دین یہ بھی کہے

اب اُس ازلی غیر فانی نادیدہ حکیم بادشاہ واحد خدا کی عزّت اور تمجید ابدالآباد ہوتی رہے۔ آمین۔

پھر خادم دین کہے

خداوند ہم پر رحم کر۔

جواب۔ مسیح ہم پر رحم کر۔

خداوند ہم پر رحم کر۔

اے ہمارے باپ جو آسمان پر ہے۔ تیرا نام پاک مانا جائے۔ تیری بادشاہی آئے۔ تیری مرضی جیسی آسمان پر پوری ہوتی ہے زمین پر بھی ہو۔ ہماری روز کی روٹی آج ہمیں دے اور ہمارے قصوروں کو معاف کر کہ ہم بھی اپنے قصور واروں کو معاف کرتے ہیں۔ ہمیں آزمائش میں نہ پڑنے دے بلکہ برائی سے بچا۔ کیونکہ بادشاہی۔ قدرت اور جلال ابد تک تیرا ہی ہے۔ آمین۔

پھر ذیل کے فقرے کہے جائیں

خادمِ دین۔ اے خدا اِس کو ابدی آرام عطا فرما۔

جواب۔ اور تیرا دائمی نور اس پر چمکے۔

خادمِ دین۔ ہم کو یقین ہے کہ ہم خداوند کا احسان دیکھینگے۔

جواب۔ ہاں۔ ہم زندوں کی زمین میں خداوند کا احسان دیکھینگے۔

خادمِ دین اے خداوند ہماری دُعا کو سُن۔

جواب۔ اور ہماری منت کی آواز تیرے حضور پہنچے۔

پھر ذیل کی ایک یا زیادہ دعائیں پڑھی جائیں اور خادمِ دین کہے

هم دُعا مانگیں

اے خداوند یسوع مسیح تُو نے چھوٹے بچوں کو گود میں لیا تھا اور اُن کو برکت دی تھی۔ ہم تیری منت کرتے ہیں کہ تُو ہماری آنکھیں کھول

تاکہ ہم یہ جان لیں کہ تُو نے اپنے رحم کی وجہ سے اِس اپنے بچے کو اپنی لامحدود
محبّت کی اَبدی گود میں لے لیا ہے کہ تُو باپ اور رُوح القُدس کے ساتھ واحد
خدا زندہ اور اَبدالآباد سلطنت کرتا ہے۔

اے خدا تیری راہیں پوشیدہ اور تیرے کام نہایت عجیب ہیں۔
تُو نے کسی چیز کو بے فائدہ نہیں بنایا اور اپنی تمام مخلوقات سے محبّت کرتا
ہے۔ تُو اپنے بندوں کو جو غمزدہ ہیں تسلّی عطا کر اور یہ بخش کہ وہ اِس زندگی
میں تجھ سے محبّت رکھیں اور تیری خدمت بجا لائیں تاکہ یہ تیرا بچّہ اور وہ
سب آیندہ زندگی میں تیرے وعدوں کو پُورے طور پر حاصل کریں ہمارے
خداوند یسُوع مسیح کے وسیلے سے۔ آمین۔

اے رحیم خدا۔ ہم تیری منت کرتے ہیں اُن پر جو غمزدہ ہیں اپنی شفقت
کی نگاہ کر۔ اُن کو اپنی محبت اور رفاقت کا اطمینان عطا فرما تاکہ وہ تسلّی حاصل
کریں۔ اُن میں اپنی پدرانہ دانش اور اُلفت کے ایمان کو مضبوط کر اور اُن کو
قوّت اور اُمید سے تازہ دم کر تاکہ وہ صبر اور استقلال سے اِس صدمہ کو
برداشت کریں اور اپنا بھروسا ہمیشہ تیری پروردگاری پر رکھیں ہمارے
خداوند اور منجی یسُوع مسیح کے وسیلے سے۔ آمین۔

پھر خادمِ دین کہے

۲۔ کرنتھیوں ۱۳: ۱۴

ہمارے خداوند یسُوع مسیح کا فضل۔ خدا کی محبت اور روح القُدس
کی رفاقت ہم سب کے ساتھ ہمیشہ رہے۔ آمین۔

THE CHURCHING OF WOMEN.

(Revised Prayer Book 1928.)

PERSIAN URDU

زچّہ کی شُکرگُذاری کی ترتیب

کرسچن نالج سوسائٹی

انارکلی لاہور

۱۹۳۹ء

بار اوّل ...۲۰۰۰ جلد

قیمت فی جلد ۶ پائی

نوٹ

یہ نماز کی ترتیب جناب بشپ صاحب لاہور کے حکم اور ہدایت کے ماتحت اُردو میں ترجمہ کی گئی ہے تاکہ لاہور کے اُسقفی علاقہ کی کلیسیائیں اس کو استعمال کر سکیں۔

برکت اللہ

ہولی ٹرنٹی چرچ۔ لاہور
جنوری ۱۹۳۹ء

زچّہ کی شکر گذاری کی ترتیب

عورت جننے کے بعد مقررہ وقت پر گرجا میں آئے اور وہاں دستور کے موافق یا حاکمِ شرع کے حکم کے بموجب مناسب جگہ پر گھٹنے ٹیکے۔ تب پریسٹ اُس سے کہے :

چونکہ قادرِ مطلق خدا کی عنایت سے تمہارے ہاں سلامتی کے ساتھ بچّہ پیدا ہؤا اور اُس پُرخطر وقت میں اُس نے تمہاری حفاظت کی اِس لئے تم دل و جان سے خدا کا شکر کرو اور یہ کہو :-

تب پریسٹ ۱۱۶ مزمور پڑھے

۱- مَیں خداوند سے محبّت رکھتی ہوں کیونکہ اُس نے میری فریاد اور منّت سُنی ہے۔

۲- چونکہ اُس نے میری طرف کان لگایا اِس لئے مَیں عُمر بھر اُس سے دُعا کروں گی۔

۳- مَوت کی رسّیوں نے مجھے جکڑ لیا اور پاتال کے درد مجھ پر آ پڑے۔ مَیں دُکھ اور غم میں گرفتار ہوئی۔

۴- تب مَیں نے خداوند سے دُعا کی کہ اے خداوند! مَیں تیری منّت کرتی ہوں میری جان کو رہائی بخش۔

۵۔ خداوند صادق اور کریم ہے۔ ہمارا خدا رحیم ہے۔

۶۔ خداوند سادہ لوگوں کی حفاظت کرتا ہے۔ میں پست ہو گئی تھا۔ اُسی نے مجھے بچا لیا۔

۷۔ اے میری جان! پھر مُطمئن ہو کیونکہ خداوند نے تجھ پر احسان کیا ہے۔

۸۔ اِس لئے کہ تُو نے میری جان کو مَوت سے اور میری آنکھوں کو آنسُو بہانے سے اور میرے پاؤں کو پھسلنے سے بچایا ہے۔

۹۔ مَیں زندوں کی زمین میں خداوند کے حضور چلتی رہونگی۔

۱۰۔ مَیں ایمان رکھتی ہوں ۔اِس لئے یہ کہونگی مَیں بڑی مصیبت میں تھی۔

۱۲۔ خداوند کی سب نعمتیں جو مجھے ملیں مَیں اُن کے عوض میں اُسے کیا دُوں؟

۱۳۔ مَیں نجات کا پیالہ اُٹھا کر خداوند سے دُعا کرُوں گی۔

خداوند کے گھر کی بارگاہوں میں اور تیرے اندر اے یروشلیم۔ خداوند کی حمد کرو۔

جلال۔ باپ اور بیٹے اور رُوح القدُس کا ہو۔

جیسا اِبتدا میں تھا اِس وقت ہے اور اَبد تک رہیگا۔ آمین۔

مزمُور ۱۲۷

۱۔ اگر خداوند ہی گھر نہ بنائے تو بنانے والوں کی محنت عبث ہے۔

اگر خداوند ہی شہر کی حفاظت نہ کرے تو نگہبان کا جاگنا عبث ہے۔

۲۔ تمہارے لئے سویرے اُٹھنا اور دیر میں آرام کرنا اور مشقّت کی روٹی کھانا عبث ہے کیونکہ وہ اپنے محبُوب کو تو نیند ہی میں دے دیتا ہے۔

۳۔ دیکھو! اَولاد خداوند کی طرف سے میراث ہے اور پیٹ کا پَھل اُسی کی طرف سے اجر ہے۔

۴۔ جوانی کے فرزند ایسے ہیں جیسے زبردست کے ہاتھ میں تیر۔ خوش نصیب ہے وہ آدمی جس کا ترکش اُن سے بھرا ہے۔ جب وہ اپنے دُشمنوں سے پھاٹک پر باتیں کریں گے تو شرمندہ نہ ہونگے۔

جلال باپ اور بیٹے اور رُوح القُدُس کا ہو۔
جیسا اِبتدا میں تھا اس وقت ہے اور اَبد تک رہیگا۔ آمین۔

تب پرست کہے

ہم دُعا مانگیں

خداوند ہم پر رحم کر۔

جواب۔ مسیح ہم پر رحم کر۔

خداوند ہم پر رحم کر۔

اے ہمارے باپ جو آسمان پر ہے تیرا نام پاک مانا جائے۔ تیری بادشاہی آئے۔ تیری مرضی جیسی آسمان پر پُوری

ہوتی ہے زمین پر بھی ہو۔ ہماری روز کی روٹی آج ہمیں دے۔ اور ہمارے قصوروں کو معاف کر۔ کہ ہم بھی اپنے قصورواروں کو معاف کرتے ہیں۔ اور ہمیں آزمائش میں نہ پڑنے دے۔ بلکہ بُرائی سے بچا کیونکہ بادشاہی اور قدرت اور جلال اَبد تک تیرا ہی ہے۔ آمین۔

خادمِ دین۔ اے خداوند اپنی بندی کو سلامت رکھ۔

جواب۔ کیونکہ وہ تجھ پر بھروسہ رکھتی ہے۔

خادمِ دین۔ اُس کے لئے ایک مضبوط قلعہ ہو۔

جواب۔ اُس کے دُشمن کے حملے کے وقت۔

خادمِ دین۔ خداوند ہماری دُعا سُن۔

جواب۔ اور ہماری مِنّت کی آواز تیرے حضور پہنچے۔

خادمِ دین۔ ہم دُعا مانگیں۔

اے قادرِ مُطلق خدا ہم فروتنی سے تیرا شُکر کرتے ہیں کہ تُو نے کرم کرکے اپنی اِس بندی کو بچّہ کی پیدائش کے وقت بڑے دُکھ اور خطرے سے بچایا ہے۔ اے رحیم باپ ہم تیری مِنّت کرتے ہیں یہ عنایت کر کہ وہ تیری مدد سے اِس جہان میں اپنی عُمر دینداری سے گُذارے اور تیری مرضی کے مطابق چلے اور آیندہ زندگی میں اَبدی جلال میں شریک ہو۔ ہمارے خداوند یسُوع مسیح کے وسیلے سے۔ آمین۔

اگر اس ترتیب کے وقت پاک شراکت کی نماز عمل میں نہ آئی ہو

تو خادم دین عورت کی طرف متوجہ ہو کر کہے:۔

خدائے کریم کی رحمت و حفاظت میں، ہم تجھ کو سونپتے ہیں۔ خداوند تجھ کو برکت بخشے اور تیرا حافظ رہے خداوند اپنا چہرہ تجھ پر جلوہ گر فرمائے اور تجھ پر فضل کرے۔ خداوند تیری طرف متوجہ ہو اور تجھ کو اطمینان بخشے۔ اب اور ہمیشہ کے لئے۔ آمین۔

اگر خادم دین چاہے تو وہ برکت کے کلمہ سے پہلے ذیل

کی دعائیں مانگے

اے خدا ہمارے آسمانی باپ۔ ہم تیرا شکر کرتے ہیں اور تیرے جلیل نام کی حمد کرتے ہیں کہ تُو نے اپنی اِس بندی کو برکت دی ہے اور اِس کو بچہ بخشا ہے۔ اے رحیم باپ ہم تیری منت کرتے ہیں یہ عنایت فرما کہ یہ عورت (اور اس کا شوہر) اپنے بچے کو راستبازی کی راہ پر چلائے تاکہ وہ خود بھی برکت حاصل کرے اور تیرے نام کا جلال ظاہر ہو۔ ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے۔ آمین۔

اے خدا ہم تیری منت کرتے ہیں تُو اپنی برکت اِس عورت کے گھر (اور خاوند) پر نازل کر۔ یہ بخش کہ مسیح کی رُوح اِس کے گھر میں بسے اور محبت اور امن اور سلامتی اِس کے گھر میں سکونت کریں اور تیری حمایت اِس کے گھر کی حفاظت کرے۔ ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے۔ آمین۔

جو عورت شکرانہ ادا کرنے آئے۔ لازم ہے کہ وہ دستور
کے موافق نذر گذرانے اور اگر اُس وقت پاک شراکت کی
نماز عمل میں آئے تو مناسب ہے کہ وہ اُس نماز میں شریک ہو۔

S. P. C. K. Lahore.

1st. edition. 2000 1939.

باہتمام مسٹر ایف - ڈی - وارث سیکرٹری پی - آر - بی - ایس انارکلی لاہور
پرنٹر و پبلشر پی - آر - بی - ایس پریس انارکلی - لاہور میں چھپی -

شمولیت کی ترتیب

(جس کو کلیسیائے ہندوستان۔ برما اور لنکا میں استعمال کیا جائے)

(اُردو زبان میں)

کرسچن نالج سوسائٹی

انارکلی لاہور

S. P. C. K., Lahore.

1st Edition. 2000 1939.

بار اوّل ۲۰۰۰ جلد — قیمت فی جلد ۶ پائی

نوٹ

یہ نماز کی ترتیب جناب بشپ صاحب لاہور کے حکم اور ہدایت کے ماتحت اُردُو میں ترجمہ کی گئی ہے تاکہ لاہور کے اُسقفی علاقہ کی کلیسیائیں اس کو استعمال کرسکیں۔

برکت اللہ

ہولی ٹرنٹی چرچ۔ لاہور
جنوری ۱۹۳۹ء

شمولیّت کی ترتیب

جو اُن اشخاص کے لئے استعمال کی جائے جو دیگر کلیسیاؤں سے قطع تعلّق کرکے کلیسیائے ہندوستان برما اور لنکا میں شامل ہونا چاہتے ہیں۔

اِس سے پہلے کہ پریسٹ کسی دوسری کلیسیا کے شریک کو کلیسیائے ہندوستان میں شامل کرے یہ لازم ہے کہ وہ اُس شخص کی نسبت یہ تحقیق کرے کہ آیا وہ اپنی کلیسیا کے زیرِ عتاب ہے یا نہیں۔ یا رُکاوٹ کی کوئی اور وجہ موجود ہے یا نہیں۔

اس کے بعد وہ اِس معاملہ کی خبر بشپ صاحب کو دے اور ساتھ ہی کلیسیا میں شامل کرنے کی وجُوہ پیش کرے۔ اگر بشپ صاحب اجازت دیں تب پریسٹ اِس ترتیب کے مطابق اُس شخص کو کلیسیا میں شامل کرے۔

اگر اُس شخص کو بپتسمہ نہیں دیا گیا تو پریسٹ اُس کو بپتسمہ دے۔ اگر اُس کے بپتسمہ کی صحت میں شک کی گنجایش ہو تو دُعائے عام کی کتاب کے مطابق اُس کو مشروط بپتسمہ دیا جائے۔ بپتسمہ کے رجسٹر میں اُس شخص کے نام کا درج ہونا اِس بات کا کافی ثبوت ہوگا کہ وہ شخص کلیسیا

میں شامل کر لیا گیا ہے۔

اگر پریسبٹر کو بپتسمہ کی صحت کا یقین ہو تو وہ ذیل کی ترتیب استعمال کرے۔

پریسبٹر پاک میز کے سامنے کھڑا ہو اور کلیسیا میں شامل ہونے والا شخص پریسبٹر کے سامنے کھڑا ہو۔ تب پریسبٹر کہے:۔

سوال۔ کیا تم کلیسیائے ہندوستان برما اور لنکا میں شامل ہونا چاہتے ہو؟

جواب۔ ہاں۔ مَیں چاہتا ہوں۔

سوال۔ کیا تم مانتے ہو کہ جہاں تک تم سمجھتے ہو اس کلیسیا کا ضابطہ اور تعلیم خدا کے کلام اور خداوند یسوع مسیح کے منشاء کے مطابق ہے؟

جواب۔ ہاں۔ یہ میرا یقین ہے۔

سوال۔ کیا تم اِس کی کلیسیا کی تعلیم کے مطابق چلو گے اور خوشی سے اس کے ضابطہ کے ماتحت رہو گے اور صرف اِسی کلیسیا کے اور اُن کلیسیاؤں کے خادمانِ دِین سے کام رکھو گے جو اِس کلیسیا کے ساتھ رفاقت رکھتی ہیں۔

جواب۔ ہاں۔ مَیں ایسا ہی کرونگا۔

اگر وہ شخص مستحکم نہ ہُوا ہو تب پریسبٹر کہے

سوال۔ کیا تم مستحکم ہونے کے خواہشمند ہو۔ تاکہ اِس غرض کے لئے

تیاری کے بعد تم کو بشپ صاحب کے سامنے پیش کیا جائے۔

جواب۔ ہاں۔ یہ میری خواہش ہے۔

اگر اس شخص کے بچے سنِ تمیز کو نہ پہنچے ہوں تو پریسٹ یہ سوال پُوچھے:-

سوال ۔کیا تم چاہتے ہو کہ تمہارے بچے اس کلیسیا میں شامل کئے جائیں اور تیاری کے بعد مُستحکم ہوں؟

جواب۔ ہاں۔ مَیں چاہتا ہوں۔

وہ شخص گھٹنے ٹیکے اور پریسٹ کھڑا رہے اور اُس کی طرف مخاطب ہو کر کہے:-

خدا باپ بیٹے اور رُوح القُدُس کے نام سے۔ آمین۔

خداوند ہم پر رحم کر۔

جواب۔ مسیح ہم پر رحم کر۔

پریسٹ۔ خداوند ہم پر رحم کر۔

اے ہمارے باپ جو آسمان پر ہے۔ تیرا نام پاک مانا جائے۔ تیری بادشاہی آئے۔ تیری مرضی جیسی آسمان پر پُوری ہوتی ہے۔ زمین پر بھی ہو۔ ہماری روز کی روٹی آج ہمیں دے۔ اور ہمارے قصوروں کو معاف کر۔ کہ ہم بھی اپنے قصُورواروں کو معاف کرتے ہیں۔ اور ہمیں آزمائش میں نہ پڑنے دے۔ بلکہ بُرائی سے بچا

کیونکہ بادشاہی اور قدرت اور جلال اُبد تک تیرا ہی ہے۔ آمین۔

پریسٹ۔ اے خداوند اپنے بندے کو سلامت رکھ۔

جواب۔ کیونکہ وہ تجھ پر بھروسا رکھتا ہے۔

پریسٹ۔ اپنے مقدّس مقام سے اس کے لئے مدد بھیج۔

جواب۔ اور اپنی بڑی قدرت سے اس کی حفاظت کر۔

پریسٹ۔ اِس کے لئے ایک مضبُوط بُرج ہو۔

جواب۔ اِس کے دُشمن کے رُو برُو۔

پریسٹ۔ اے خداوند۔ ہماری دُعا کو سُن۔

جواب۔ اور ہماری منّت کی آواز تیرے حضُور پہنچے۔

پریسٹ۔ ہم دُعا مانگیں۔

اے قادرِ مُطلق اور اَبدی خدا۔ آسمانی باپ۔ ہم دِل وجان سے تیرا شُکر کرتے ہیں کہ تُو نے ہم کو اپنے فضل اور ایمان کا علم عطا کیا ہے۔ ہمارے اِس علم کو بڑھا اور ہمارے ایمان کو ہمیشہ مضبُوط کر۔ اپنے اِس بندے کو رُوح القُدُس عطا فرما تاکہ تیری پاک کلیسیا کی شراکت میں ہمارے ساتھ قائم رہ کر وہ تیری خدمت میں مشغول رہے اور تیرے وعدوں کو حاصل کرے۔ ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے جو تیرے اور رُوح القُدُس کے ساتھ واحد خدا اَبد الآباد زندہ اور سلطنت کرتا ہے۔

اے قادرِ مطلق اور ابدی خدا۔ تیری رُوح کلیسیا کے تمام بدن پر حکومت کرتی ہے اور اُس کو پاک کرتی ہے۔ تُو ہماری مُناجاتوں اور دُعاؤں کو سُن جو ہم تیری کلیسیا کے ہر درجہ کے آدمیوں کے لئے کرتے ہیں کہ اس کے تمام شُرکا اپنی اپنی خدمت اور کام کے ذریعہ ایمانداری سے تیری حقیقی خدمت کریں۔ ہمارے خداوند یسُوع مسیح کے وسیلے سے۔ آمین۔

خدا قادرِ مُطلق باپ۔ بیٹے اور رُوح القُدس کی برکت تم پر ہو اور تمہارے ساتھ ہمیشہ رہے۔ آمین۔

پی۔ آر۔ بی ایس۔ پریس انارکلی لاہور میں باہتمام مسٹر ایف۔ جی۔ ... پرنٹر و پبلشر چھپکر دفتر ... پی بی سی ...